چار خطبات کا دلکش مجموعہ
مجموعہ خطبات
اعلیٰ
خطبات رضویہ
خطبات اویسیہ
خطبہ علی
خطبہ مسلم
مرتب: محمد اکبر قادری
ناشر
اکبر بک سیلرز لاہور

چار خطبات کا دلکش مجموعہ

مجموعہ خطبات

اعلے

خطبات رضویہ — خطبات اویسیہ — خطبۂ علمی — خطبۂ مسلم

مرتب: محمد اکبر قادری

ناشر
اکبر بک سیلرز
زبیدہ سنٹر ۴۰ اردو بازار لاہور Ph: 37352022

نام کتاب ــــــ خطبات رضویہ

مصنف ــــــ اعلیحضرت امام احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

صفحات ــــــ ۶۴

تعداد ــــــ ۱۱۰۰

ناشر ــــــ اکبر بک سیلرز لاہور

کتابت ــــــ اعجاز احمد سپرا

قیمت ــــــ 150/- روپے

ملنے کا پتہ

اکبر بک سیلرز لاہور

فہرست مضامین

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

خطبہ کے ضروری احکام

مسئلہ نمبر ۱ : خطبۂ جمعہ میں یہ شرط ہے کہ وقت میں ہو اور نماز سے پہلے اور ایسی جماعت کے سامنے ہو، جو جمعہ کے لئے شرط ہے، کم از کم خطیب کے سوا تین مرد ہوں اور اتنی آواز سے ہو کہ پاس والے سن سکیں۔ اگر کوئی امر مانع نہ ہو تو، اگر زوال سے پیشتر خطبہ پڑھ لیا یا نماز کے بعد پڑھا، یا تنہا پڑھا، یا عورتوں اور بچوں کے سامنے پڑھا تو ان سب صورتوں میں جمعہ نہ ہوا۔ اور اگر بہروں یا سونے والوں کے سامنے پڑھا، حاضرین دور ہیں کہ سنتے نہیں یا مسافر یا بیماروں کے سامنے پڑھا، جو عاقل بالغ مرد ہیں تو ہو جائے گا۔

(دُرِّ مختار و ردّ المحتار المعروف فتاویٰ شامی جلد اول ص۵۶۷)

مسئلہ نمبر ۲ : جب امام خطبہ کے لئے کھڑا ہو، اس وقت سے ختمِ نماز تک نماز و اذکار اور ہر قسم کا کلام منع ہے، البتہ صاحبِ ترتیب اپنی قضا نماز پڑھ لے۔ یونہی جو شخص سنت یا نفل پڑھ رہا ہے، جلد جلد پوری کرے۔

(در مختار و ردّ المحتار المعروف فتاویٰ شامی جلد اول ص۵۶۸)

مسئلہ نمبر ۳ : جو چیزیں نماز میں حرام ہیں، مثلاً کھانا پینا، سلام و جواب سلام وغیرہ سب خطبہ کی حالت میں حرام ہیں، یہاں تک کہ امر بالمعروف ہاں خطیب امر بالمعروف کر سکتا ہے۔ جب خطبہ پڑھے تو تمام حاضرین پر سننا اور چپ رہنا فرض ہے۔ جو لوگ امام سے دور ہوں کہ خطبہ کی آواز ان تک نہیں پہنچتی، ان

پر بھی چپ رہنا واجب ہے۔ اگر کسی کو بری بات کرتے دیکھیں تو ہاتھ یا سر کے اشارے سے منع کر سکتے ہیں، زبان سے ناجائز ہے۔

بہار شریعت حصہ چہارم بحوالہ درمختار ص۱۰۱ از درمختار جلد اول ص۵۷۵

نوٹ: حرام سے مراد اصطلاحی حرام ہے، جسے مکروہ تحریمی بھی کہتے ہیں' ایسے درمختار والے، یکرہ کا لفظ بولتے ہیں، مراد مکروہ تحریمی ہے۔

مسئلہ نمبر۴ ، خطیب نے مسلمانوں کے لئے دعا کی تو سامعین کا ہاتھ اٹھانا یا آمین کہنا منع ہے۔ خطبۂ ثانیہ میں خطیب کا درود شریف پڑھتے وقت دائیں بائیں منہ کرنا بدعت ہے۔

(بہار شریعت حصہ چہارم ص۱۰۳ بحوالہ ردالمحتار جلد اول ص۵۶۸م)

مسئلہ نمبر۵ ؛ حضور اقدس صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا نام پاک خطیب نے لیا، تو حاضرین دل میں درود شریف پڑھیں. زبان سے اس وقت پڑھنے کی اجازت نہیں۔ یونہی صحابہ کرام کے ذکر پر اس وقت رضی اللہ تعالیٰ عنہم کہنے کی اجازت نہیں

(بہار شریعت حصہ چہارم ص۱۰۳ بحوالہ درمختار جلد اول ص۵۷۵)

مسئلہ نمبر۶ : خطبہ جمعہ کے علاوہ اور خطبوں کا سننا بھی واجب ہے مثلاً خطبہ عیدین و نکاح وغیرہ۔

(بہار شریعت حصہ چہارم ص۸۲ بحوالہ درمختار جلد اول ص۵۷۵)

نوٹ تمام خطبوں کا سننا واجب ہے، لیکن عیدین کے خطبوں کا پڑھنا سنت ہے اور جمعہ کے خطبوں کا پڑھنا فرض ہے۔ جیسا کہ درمختار میں ہے۔

"وَهُوَ فِيْهَا سُنَّةٌ لَا شَرْطٌ وَّاَنَّهَا بَعْدَهَا لَا قَبْلَهَا بِخِلَافِ الْجُمُعَةِ"۔

(یعنی عید کا خطبہ سنت ہے شرط نہیں اور عید کے بعد خطبہ پڑھا جائے نہ کہ پہلے،

بخلاف جمعہ کے۔"

کیونکہ عید میں اگر خطبہ نہ پڑھا جائے یا پہلے پڑھا جائے، تو نماز ہو جائے گی دوبارہ لوٹانا نہ پڑے گی، لیکن یہ بری بات ہے۔ (شامی جلد اول ص۵۷۹)

مسئلہ نمبر۷: خطبہ جمعہ ختم ہو جائے، تو فوراً اقامت کہی جائے۔ خطبہ و اقامت کے درمیان دنیا کی بات کرنا مکروہ ہے۔

(بہار شریعت حصہ چہارم ص۹۴ بحوالہ در مختار جلد اول ص۵۷۶)

مسئلہ نمبر۸: جس نے خطبہ پڑھا، وہی نماز پڑھائے، دوسرا نہ پڑھائے اور اگر دوسرے نے پڑھا دی، جب بھی ہو جائے گی، جبکہ وہ ماذون ہو، یعنی بادشاہ کی طرف سے اسے اجازت حاصل ہو۔ یونہی اگر نابالغ نے بادشاہ کے حکم سے خطبہ پڑھا اور بالغ نے نماز پڑھائی تو جائز ہے۔

(دُرِّ مختار و ردالمحتار جلد اول ص۵۷۶)

مسئلہ نمبر۹: خطیب جب منبر پر بیٹھے، تو اس کے سامنے دوسری اذان دی جائے۔ (در مختار جلد اول ص۵۷۶)

مسئلہ نمبر۱۰: حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے نزدیک خطبہ میں فرض صرف تحمید، یعنی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہنا یا تہلیل یعنی لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہنا یا تسبیح یعنی سُبْحَانَ اللّٰهِ کہنا ہے۔ اسی قدر سے فرض ادا ہو گیا، اتنے پر ہی اکتفا کرنا مکروہ ہے اور صاحبین یعنی امام ابو یوسف اور امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہما کے نزدیک ذکر طویل ضروری ہے جو کہ کم از کم تشہد وا جب یعنی اَلتَّحِیَّاتُ یعنی عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ تک ہو، یہ فرض ہے، خطبہ کی نیت سے پڑھا جائے۔ (در مختار ص۵۶۷ جلد اول علی حاشیہ شامی)

مسئلہ نمبر ۱۱ : خطبہ اور نماز میں اگر فاصلہ ہو جائے تو وہ خطبہ کافی نہیں، بلکہ دوبارہ خطبہ پڑھنا چاہیئے۔ (شامی جلد اول ص۵۷۶)

مسئلہ نمبر ۱۲ : سنت یہ ہے کہ دو خطبے پڑھے جائیں اور بڑے بڑے نہ ہوں اگر دونوں مل کر طوال مفصل سورتوں سے بڑھ جائیں تو مکروہ ہے۔

(درمختار علیٰ حاشیہ شامی، جلد اول ص۵۷۶)

فائدہ : (۱) طوال مفصل سورۃ الحجرات سے سورۃ البروج تک سورتیں ہیں۔

(۲) اوساط مفصل، سورۃ البروج سے لے کر سورۃ لَمْ یَکُنْ تک سورتیں ہیں۔

(۳) قصار مفصل، سورۃ لَمْ یَکُنْ سے آخر تک سورتیں ہیں۔

مسئلہ نمبر ۱۳ : خطبہ میں یہ چیزیں سنت ہیں۔

(۱) خطیب کا پاک ہونا (۲) کھڑا ہونا (۳) خطبہ جمعہ سے پہلے خطیب کا منبر پر بیٹھنا (۴) حاضرین کا متوجہ بامام ہونا (۵) خطبہ سے پہلے اَعُوْذُ بِاللہ آہستہ پڑھنا (۶) اتنی آواز سے خطبہ پڑھنا کہ لوگ سنیں۔
(۷) الحمد سے شروع کرنا (۸) اللہ عزّ وجلّ کی ثنار کرنا (۹) اللہ عزوجل کی وحدانیت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کی شہادت دینا۔
(۱۰) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا۔ (۱۱) کم از کم ایک آیت کی تلاوت کرنا۔ (۱۲) پہلے خطبہ میں وعظ و نصیحت کا ہونا۔ (۱۳) دوسرے خطبہ میں حمد و ثنا، اور شہادت اور درود شریف کا اعادہ کرنا۔ (۱۴) دوسرے خطبہ میں مسلمانوں کے لئے دعا کرنا (۱۵) دونوں خطبے ہلکے ہوں، دونوں کے

درمیان بقدر تین آیات پڑھنے کے بیٹھنا۔

(عالمگیری جلد اوّل، ص۱۴۶)

فائدہ: سنّت سے مراد مقابل فرض ہے۔ یعنی یہ مذکورہ بالا چیزیں شرط نہیں، اگرچہ فی نفسہ بعض چیزیں واجب ہیں، جیسے کہ طہارت کہ خطیب کا پاک ہونا واجب ہے۔ (شامی جلد اوّل ص۵۶۹)

مسئلہ نمبر ۱۴: مستحب یہ ہے کہ دوسرے خطبہ کی آواز بہ نسبت پہلے خطبہ کے پست ہو اور خلفائے راشدین و عمین مکرّمین حضرت حمزہ اور حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا ذکر ہو اور امام سے قریب ہونا افضل ہے۔ مگر یہ جائز نہیں کہ امام کے قریب ہونے کے لئے لوگوں کی گردنیں پھلانگیں۔ البتہ امام نے ابھی خطبہ شروع نہیں کیا، آگے جگہ باقی ہے تو آگے جا سکتا ہے اور خطبہ شروع ہونے کے بعد مسجد میں آیا، تو مسجد کے کنارے ہی بیٹھ جائے۔ خطبہ سننے کی حالت میں دوزانو بیٹھے جیسے نماز میں بیٹھتے ہیں۔ (عالمگیری جلد اول ص۱۴۷)

مسئلہ نمبر ۱۵۔ بادشاہ اسلام کی ایسی تعریف، جو اس میں نہ ہو، حرام ہے، مثلاً مالک رقاب الامم کہ یہ محض حرام ہے۔

(ردّالمحتار، جلد اول ص۵۶۸)

مسئلہ نمبر ۱۶: خطبہ میں آیت نہ پڑھنا یا دونوں خطبوں کے درمیان جلسہ نہ کرنا یا اثنائے خطبہ کلام کرنا مکروہ ہے۔ البتہ اگر خطیب نے نیک بات کا حکم کیا یا بری بات سے منع کیا، تو اسے اس کی ممانعت نہیں۔

(عالمگیری، جلد اول ص۱۴۶)

مسئلہ نمبر ۱۷: غیر عربی میں خطبہ پڑھنا یا عربی کے ساتھ دوسری زبان

میں خطبہ میں خلط کرنا سنتِ متوارثہ کے خلاف ہے۔ یوں ہی خطبہ میں اشعار پڑھنا بھی نہ چاہیے، اگرچہ عربی ہی کے ہوں۔ ہاں دو ایک شعر عربی پند و نصائح کے اگر پڑھ دیئے جائیں، تو حرج نہیں، بلکہ صاحبین یعنی حضرت امام محمد اور حضرت امام ابو یوسف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہما کے نزدیک عربی میں خطبہ پڑھنا شرط ہے۔ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے نزدیک شرط نہیں۔ (شامی جلد اول ص۵۶۷)

مسئلہ نمبر ۱۸: خطبہ میں دو چیزیں فرض ہیں۔

(۱) وقت اور وہ زوال کے بعد ہے۔

(۲) نماز سے پہلے خطبہ پڑھنا، حتیٰ کہ اگر ایک آدمی نے زوال سے پہلے خطبہ پڑھا، یا نمازِ جمعہ کے بعد خطبہ پڑھا، تو یہ جائز نہیں۔

(عالمگیری، جلد اول ص۱۴۶)

مسئلہ نمبر ۱۹: خطیب کے لئے خطبہ دیتے وقت ہاتھ میں عصا پکڑنا بھی سنت ہے۔ جیسا کہ علامہ شامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں۔

"أَنَّهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَامَ أَيْ فِي الْخُطْبَةِ مُتَوَكِّئًا عَلَى عَصًا أَوْ قَوْسٍ وَنَقَلَ الْقُهُسْتَانِي عَنْ عَبْدِ الْمُحِيطِ أَنَّ أَخْذَ الْعَصَا سُنَّةٌ كَالْقِيَامِ"

یعنی حضور اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم عصا یا کمان پر ٹیک لگا کر کھڑے ہوتے تھے، اس لئے عصا کا پکڑنا سنت ہے، جیسے کھڑے ہو کر خطبہ دینا سنت ہے۔" (ردّ المحتار المعروف فتاویٰ شامی، جلد اول ص۵۵۸)

مسئلہ نمبر: پانچ خطبوں کو تکبیر سے شروع کرنا چاہیئے۔ دونوں عیدوں کے خطبے اور تین خطبے حج کے۔ عید کے پہلے خطبہ میں نو دفعہ لگاتار تکبیرات اور دوسرے خطبہ میں سات دفعہ تکبیرات کہنا مستحب ہے اور منبر سے اترنے سے پہلے چودہ دفعہ تکبیر کہے اور جب منبر پر چڑھے، تو منبر پر نہ بیٹھے اور عید الفطر کے خطبہ سے زیادہ تکبیریں کہے۔

(شامی جلد اوّل ص۵۸۵)

اگر در خانہ صد محراب داری
نماز آں بہ کہ در مسجد گزاری

روز محشر کہ جاں گداز بود
اوّلیں پرسش نماز بود

خطبۂ اُولیٰ جمعۃ

جمعۃ المبارک کا پہلا خطبہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ زَیَّنَ النَّبِیِّیْنَ بِحَبِیْبِہٖ

ہر تعریف اس اللہ کے لئے جس نے نبیوں کو اپنے محبوب مصطفیٰ

الْمُصْطَفٰی وَمَنَّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ بِنَبِیِّہٖ

(صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ذریعے مزین کیا اور احسان فرمایا مومنوں پر اپنے چنے

الْمُجْتَبٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ

ہوئے نبی کے وسیلے سے صلوٰۃ و سلام ہو اس کے رسول محمد (صلی اللہ علیہ

مُحَمَّدٍ خَیْرِ الْوَرٰی اَمَّا بَعْدُ فَیَا اَیُّھَا

وسلم) پر جو ساری مخلوق سے بہتر ہیں۔ حمد و صلوٰۃ کے بعد، پس

الْمُؤْمِنُوْنَ رَحِمَنَا وَرَحِمَکُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی

اے مومنو! اللہ تعالیٰ ہم پر اور تم پر رحم کرے، ہمیں اور تمہیں

اُوْصِیْکُمْ وَنَفْسِیْ بِتَقْوَی اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ

اپنے آپ کو باطن اور ظاہر میں اللہ تعالیٰ سے ڈرنے کی

فِی السِّرِّ وَالْاِعْلَانِ وَاقْتَفُوْا اٰثَارَ سُنَنِ

وصیت کرتا ہوں اور اتباع کرو رسولوں کے سردار (صلی اللہ علیہ وسلم)

سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ صَلَوَاتُ اللّٰہِ تَعَالٰی

کی سنتوں کے نشانات کی اللہ تعالیٰ کی خاص رحمتیں ہوں

وَسَلَامُهٗ عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ وَزَیِّنُوْا قُلُوْبَكُمْ

اور سلام ہو آپ پر اور ان سب پر اور مزین کرو اپنے دلوں

بِحُبِّ هٰذَا النَّبِیِّ الْكَرِیْمِ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ

کو اس نبی کریم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی محبت سے آپ پر اور آپ کی

وَاَصْحَابِهِ الْكُرَمَاءِ اَفْضَلُ الصَّلٰوةِ وَالتَّسْلِیْمِ

آل پر اور آپ کے صاحب کرم صحابہ پر، انتہائی فضیلت والا صلوٰۃ وسلام ہو

فَاِنَّ الْحُبَّ هُوَ الْاِیْمَانُ كُلُّهٗ اَلَا لَا اِیْمَانَ

پس بیشک محبت ہی سارے کا سارا ایمان ہے، خبردار اس کا کوئی ایمان نہیں

لِمَنْ لَا مَحَبَّةَ لَهٗ رَزَقَنَا اللّٰهُ وَاِیَّاكُمْ حُبَّ

جسے اُن سے محبت نہیں، اللہ ہمیں اور اپنے حبیب (صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم)

حَبِیْبِهٖ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ

کی محبت عطا فرمائے۔ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے نیکی

وَسَلَّمَ اَلْبِرُّ لَا یَبْلٰی وَالذَّنْبُ لَا یُنْسٰی

پرانی نہ ہو گناہ کو بھلایا نہ جائے اور دیان نہیں مرے گا

وَالدَّیَّانُ لَا یَمُوْتُ اِعْمَلْ مَا شِئْتَ

جو چاہتا ہے کر جیسا کرو گے ویسا بھرو گے

كَمَا تَدِیْنُ تُدَانُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ

میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں

مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ

شیطان مردود سے ، اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان

الرَّحِيْمِ ط اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى

رحمت والا بیشک اللہ اور اس کے فرشتے غیب کی خبریں دینے والے (نبی)

النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ

پر درود و سلام بھیجتے ہیں اے ایمان والو! تم بھی درود بھیجو

وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

اور خوب سلام پڑھو اے ہمارے اللہ! درود بھیج محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)

بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰى وَصَامَ ط وَصَلِّ عَلٰى

پر ان کی تعداد کے برابر جنہوں نے نماز میں پڑھیں اور روزے رکھے

جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ط وَعَلٰٓى اٰلِهٖ

اور تمام انبیاء اور رسولوں پر درود بھیج اور آپ کی آل

وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ

پر اور تمام صحابہ (کرام) پر ، اللہ کے نام سے شروع، جو

الرَّحِيْمِ ط فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ

بہت مہربان رحم کرنے والا، پس جو ذرہ برابر نیکی کرے گا وہ اسے

خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ

دیکھ لے گا (اس کا بدلہ سامنے پالے گا) اور جو ذرہ برابر برائی کرے

شَرِّ اٰیَۃٍ بَارَکَ اللّٰہُ لَنَا وَلَکُمْ فِی الْقُرْآنِ

گا، وہ اسے دیکھ لے گا (اس کا بدلہ سامنے پائے گا) برکت عطا فرمائے اللہ تعالیٰ

الْعَظِیْمِ وَنَفَعَنَا وَاِیَّاکُمْ بِالْاٰیٰتِ

ہمارے لئے اور تمہارے لئے قرآن عظیم میں اور ہمیں اور تمہیں نفع دے، آیات کے

وَالذِّکْرِ الْحَکِیْمِ اِنَّہٗ تَعَالٰی مَلِکٌ کَرِیْمٌ

وسیلے سے اور قرآن حکیم کے وسیلے سے، بیشک وہ بلند ہے شہنشاہ ہے، صاحب کرم ہے

جَوَّادٌ بَرٌّ رَّءُوْفٌ رَّحِیْمٌ اَقُوْلُ قَوْلِیْ ھٰذَا

بڑا فیاض (ہمارے وہم و گمان سے بڑھ کر) نیکوکار ہے، بہت مہربان ہے رحم کرنے والا

وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِیْ وَلَکُمْ وَلِسَائِرِ الْمُؤْمِنِیْنَ

ہے میں یہ بات اس حال میں کہہ رہا ہوں کہ میں بخشش طلب کرتا ہوں اللہ سے اپنے

وَالْمُؤْمِنَاتِ اِنَّہٗ ھُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ؕ

لئے اور تمہارے لئے اور تمام مومن مرد اور مومن عورتوں کے لئے بیشک وہی بخشنے والا رحم کرنے والا ہے

خُطْبَۃ ثَانِیَہ جُمُعَہ

جمعۃ المبارک کا دوسرا خطبہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ

ہر تعریف اللہ کے لئے ہے ہم اس کی حمد بیان کرتے ہیں اور اس کی مدد چاہتے ہیں اس سے بخشش

وَنُؤْمِنُ بِہٖ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْہِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ

چاہتے ہیں اور اس پر ایمان لاتے ہیں اور اسی پر بھروسہ کرتے ہیں اور اللہ کی

مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّاٰتِ

پناہ مانگتے ہیں اپنے نفس کے شر سے

اَعْمَالِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ

اور اپنی بد اعمالیوں سے، جسے اللہ ہدایت دے،

فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ

اُسے کوئی گمراہ نہیں کر سکتا اور جسے وہ گمراہ کرے، اس کا کوئی ہادی نہیں،

لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا

اور ہم گواہی دیتے ہیں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ اکیلا ہے

شَرِيْكَ لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَا

اس کا کوئی شریک نہیں اور ہم گواہی دیتے ہیں کہ ہمارے آقا و مولیٰ

مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى

محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں اللہ درود بھیجے

عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ط

آپ پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے تمام صحابہ پر،

لَا سِيَّمَا عَلٰى اَوَّلِهِمْ بِالتَّصْدِيْقِ وَ

بالخصوص تصدیق میں ان سے پہل کرنے والے اور

اَفْضَلِهِمْ بِالتَّحْقِيْقِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا

حقیقت میں ان سب سے افضل ہمارے آقا و مولیٰ

الْمَوْلَى الْإِمَامِ الصِّدِّيْقِ أَبِي بَكْرِنِ

(حضرت) امام صدیق ابوبکر صدیق

الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَعَلٰى

رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر، اور صحابہ رضہ میں سے

أَعْدَلِ الْأَصْحَابِ مُزَيِّنِ الْمِنْبَرِ وَالْمِحْرَابِ

سے زیادہ عدل کرنے والے، منبر اور محراب کو

الْمُوَافِقِ رَأْيُهُ لِلْوَحْيِ وَالْكِتَابِ سَيِّدِنَا

زینت بخشنے والے پر جن کی رائے وحی اور کتاب (قرآن) کے مطابق ہے

وَمَوْلَانَا أَبِي حَفْصٍ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ

ہمارے آقا و مولیٰ ابو حفص (حضرت) عمر بن خطاب رضی اللہ

رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَعَلٰى جَامِعِ الْقُرْاٰنِ

تعالیٰ عنہ پر اور قرآن کو جمع کرنے والے

كَامِلِ الْحَيَاءِ وَالْإِيْمَانِ مُجَهِّزِ جَيْشِ

حیا اور ایمان میں کامل، جیش عسرہ کو تیار

الْعُسْرَةِ فِي رِضَى الرَّحْمٰنِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا

کرنے والے، (اللہ تعالیٰ) رحمن کی رضا کی خاطر ہمارے آقا

أَبِي عَمْرٍو عُثْمَانَ ابْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللهُ

و مولا ابو عمرو (حضرت) عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ

تعالیٰ عنہ وعلی اسد اللہ الغالب امام

اور اللہ کے غالب شیر ہیں، جو مشارق

المشارق والمغارب حلال المشکلات

ومغارب کے امام ہیں، مشکلات کو بہت زیادہ حل کرنے والے

والنوائب دفاع المعضلات والمصائب

اور نازل ہونے والی مصیبتوں کو بہت دور کرنے والے سختیوں اور مصیبتوں کو.

سیدنا ومولنا ابی الحسن علی ابن

بہت دفع کرنے والے ہمارے آقا مولیٰ ابوالحسن علی بن

ابی طالب کرم اللہ تعالیٰ وجہہ

ابی طالب کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم

الکریم وعلی ابنیہ الکریمین

(اللہ تعالیٰ) ان کی ذات کو عزت بخشے) آپ

السعیدین الشہیدین القمرین

کے دونوں صاحب کرم سعادت مند شہید، چاند

المنیرین الطیبین الطاہرین سیدینا

جیسے روشن پاکیزہ، طاہر بیٹوں، یعنی ہمارے دونوں

ابی محمد الحسن وابی عبد اللہ الحسین

سرداروں ابو محمد حسن اور ابو عبد اللہ (حضرت) حسین

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا وَعَلٰی اُمِّہِمَا

رضی اللہ تعالیٰ عنہما پر، اور ان دونوں کی والدہ پر

سَیِّدَۃِ النِّسَآءِ الْبَتُوْلِ الزَّہْرَآءِ فِلْذَۃِ

جو عورتوں کی سردار ہیں، دنیا کی لذتوں سے بے تعلق روشن چہرے

کَبِدِ خَیْرِ الْاَنْبِیَآءِ صَلَوٰتُ اللّٰہِ تَعَالٰی

والی خیر الانبیاء (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے جگر کا ٹکڑا ہیں،

وَسَلَامُہٗ عَلٰی اَبِیْہَا الْکَرِیْمِ عَلَیْہَا وَ

اللہ تعالیٰ کی خاص رحمتیں اور سلامتی ہو ان کے والد کریم پر، ان پر اور ان کے

عَلٰی بَعْلِہَا وَ اِبْنَیْہَا وَعَلٰی عَمَّیْہِ

خاوند پر اور ان کے دونوں بیٹوں پر اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام

الشَّرِیْفَیْنِ الْمُطَہَّرِیْنَ مِنَ الْاَدْنَاسِ

کے دو سردار چچاؤں پر جو گندگیوں سے پاک ہیں یعنی ہمارے دونوں سرداروں

سَیِّدَیْنَا اَبِیْ عُمَارَۃَ حَمْزَۃَ وَ اَبِیْ

سرداروں ابو عمارہ حضرت حمزہ اور

الْفَضْلِ الْعَبَّاسِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی

ابو الفضل حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما

عَنْہُمَا وَعَلٰی سَائِرِ فِرَقِ الْاَنْصَارِ

پر، اور انصار اور مہاجرین کے تمام قبیلوں پر،

وَالْمُهَاجِرَةِ وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ يَا اَهْلَ التَّقْوٰى

اور ان کے ساتھ ہی ہم پر اے تقوٰی والو! اور

وَاَهْلَ الْمَغْفِرَةِ اَللّٰهُمَّ انْصُرْ مَنْ نَصَرَ

اے مغفرت والو! اے ہمارے اللہ تو مدد کر اس کی

دِيْنَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ

جس نے ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کی مدد کی

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَبَارِكْ

اللہ تعالےٰ درود بھیجے آپ پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے تمام صحابہ

وَسَلِّمْ رَبَّنَا يَا مَوْلٰنَا وَاجْعَلْنَا مِنْهُمْ

پر اور برکتیں اور سلامتی نازل فرمائے۔ اے ہمارے پالنے والے! اے

وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَ دِيْنَ سَيِّدِنَا

ہمارے آقا ہمیں بھی ان میں سے کر دے اور ذلیل کرا سے جس نے ہمارے

وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ

سردار اور آقا محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) کے دین کو رسوا کیا

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَبَارِكْ

اللہ تعالےٰ درود بھیجے آپ پر اور آپ کی آل پر اور آپ

وَسَلِّمْ رَبَّنَا مَوْلٰنَا وَلَا تَجْعَلْنَا مِنْهُمْ ط

کے تمام صحابہ پر اور برکتیں اور سلام بھیجے اور ہمارے رب! اے ہمارے آقا

عِبَادَ اللّٰہِ رَحِمَکُمُ اللّٰہُ اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ

ہمیں ان میں سے نہ بنا اے اللہ کے بندو! اللہ تم پر رحم کرے، بے شک اللہ

بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَآءِ ذِی الْقُرْبٰی

تعالےٰ حکم دیتا ہے انصاف کا اور احسان کا اور قریبیوں کو دینے کا،

وَیَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ

اور بے حیائی اور برے کاموں سے روکتا ہے اور بغاوت سے

یَعِظُکُمْ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ وَلَذِکْرُ اللّٰہِ

روکتا ہے، تمہیں نصیحت کرتا ہے تاکہ تم نصیحت پکڑو اور تحقیق اللہ تعالےٰ

تَعَالٰی اَعْلٰی وَاَوْلٰی وَاَجَلُّ وَاَعَزُّ وَاَتَمُّ

کا ذکر بہت بلند ہے اور مددگار ہے اور عظیم الشان ہے اور بہت معزز

وَاَھَمُّ وَاَعْظَمُ وَاَکْبَرُ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ

اور انتہائی مکمل اور بہت اہم اور سب سے عظمت والا اور سب سے بڑا ہے

مَا تَصْنَعُوْنَ

اور جو تم کرتے ہو اللہ تعالےٰ اسے جانتا ہے.

خطبہ اولیٰ عید الفطر شروع کرنے سے پہلے امام منبر پر کھڑا ہو کر ۹ بار (مستحب) آہستہ آہستہ اللہ اکبر کہے کہ یہی سنت ہے

(عید الفطر کا پہلا خطبہ)

خُطْبَہ اُولیٰ عِید الفِطر

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے

اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ

اللہ سب سے بڑا ہے اور اللہ ہی کیلئے ہر تعریف ہے اور فرما دیجئے کہ ہر تعریف اللہ کیلئے ہے

الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَکُنْ لَّہٗ شَرِیْکٌ

جس نے کوئی بیٹا اختیار نہ کیا، اور نہ ہوا اس کا کوئی شریک

فِی الْمُلْکِ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَکَبِّرْہُ

حکومت میں اور نہ ہوا اس کا کوئی مددگار (حمایتی) کمزوری سے اور اس کی بڑائی بولنے سے

تَکْبِیْرًا ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ

تکبیر کہو اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے علاوہ کوئی معبود حقیقی نہیں اور

اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اور اللہ ہی کیلئے ساری تعریف ہے ہر تعریف اللہ ہی کے لیے ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِہِ الْکِتٰبَ

ہر تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے اپنے بندے پر کتاب اتاری اور اس میں

وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۜ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

بالکل کوئی بھی (ٹیڑھاپن یا خرابی) نہ رکھی، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۜ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ

اللہ کے سوا کوئی معبود حقیقی نہیں، اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اور ساری خوبیاں

الْحَمْدُ ۜ تَبَارَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ

اللہ ہی کے لیے ہیں برکت والا ہے وہ جس نے اتارا فرقان (قرآن کریم) اپنے بندے

عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا ۜ

پر تاکہ تمام جہانوں کو ڈرانے والا ہو۔

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے اللہ کے علاوہ کوئی معبود حقیقی نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے

اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَكَفٰى

اللہ سب سے بڑا ہے اور ہر تعریف اللہ ہی کے لئے ہے، تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اور

وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْمُجْتَبٰى

وہ کافی ہے اور صلوۃ وسلام ہو اس کے چنے ہوئے رسول پر اور اس کی

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ الْمُرْتَضٰى وَاَشْهَدُ

آل پر اور اس کے پسندیدہ صحابہ پر، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

کے علاوہ کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے (معبود ہونے میں) اس کا کوئی شریک نہیں

لَهُ الْمُلْكُ الْعَظِيْمُ الْاَكْبَرُ الَّذِيْ جَعَلَ

اُسی کی حکومت ہے وہ عظیم ہے، وہ سب سے بڑا ہے جس نے ہر چیز کے لیے

لِكُلِّ شَيْءٍ وَّقْتًا وَّاَجَلًا وَّقَدَّرَ وَاَشْهَدُ

ایک وقت مقرر کر دیا اور مدت مقرر کر دی اور اندازہ مقرر کر دیا اور میں

اَنَّ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَرْسَلَهٗ

گواہی دیتا ہوں کہ ہمارے سردار محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) اللہ کے بندے اور اس کے رسول

بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى

ہیں، اس نے انہیں ہدایت دے کر بھیجا اور دین حق (دے کر بھیجا) تاکہ اسے

الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا شَهَادَةً

سب دینوں پر غالب کر دے اور اللہ کافی ہے گواہ، ایسی گواہی کہ ہم اس گواہی کے

نَتَّقِيْ بِهَا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى مِنَ النِّيْرَانِ

وسیلہ سے انشاء اللہ تعالیٰ جہنم کی آگ سے بچ جائیں گے اور اس کے

وَنَدْخُلُ بِهَا مَعَ الرَّعِيْلِ الْاَوَّلِ

وسیلہ سے پہلے گروہ کے ساتھ جنت کے گھر میں داخل ہو جائیں گے

دَارَ الْجِنَانِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اللہ کے علاوہ کوئی

اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

پوجا کے لائق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اور اللہ ہی کے لیے

أَمَّا بَعْدُ فَيَا أَيُّهَا الْمُؤْمِنُوْنَ رَحِمَنَا وَرَحِمَكُمُ

سب تعریف ہے بعد از حمد وصلوٰۃ، پس اے مومنو! اللہ ہم پر اور تم پر رحم کرے

اللّٰهُ اِعْلَمُوْا اَنَّ يَوْمَكُمْ هٰذَا يَوْمٌ عَظِيْمٌ يَوْمٌ

جان لو کہ تمہارا یہ دن، عظیم دن ہے ایسا دن کہ

يَتَجَلّٰى فِيْهِ رَبُّكُمْ بِاسْمِهِ الْكَرِيْمِ وَيَغْفِرُ فِيْهِ

ظاہر ہوتا ہے اس میں تمہارا رب، اپنے کریم نام کے ساتھ اور بخشش دیتا ہے

لِلصَّائِمِيْنَ اَلَا وَلِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ فَرْحَةٌ

اس میں روزہ داروں کو، سن لو کہ روزہ دار کے لئے دو خوشیاں ہیں ایک خوشی

عِنْدَ الْاِفْطَارِ وَفَرْحَةٌ عِنْدَ لِقَاءِ الرَّحْمٰنِ

افطار کے وقت اور ایک خوشی رحمٰن کی ملاقات کے وقت، خبردار! اور بیشک

اَلَا وَاِنَّ لِوَجْهِ الْكَرِيْمِ الْمَلِكِ الدَّيَّانِ

وہ ذات کریم، حاکم ہے غلبے والا

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

اللہ سب سے بڑا ہے۔ اللہ سب سے بڑا ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے

اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ اَلَا اِنَّ نَبِيَّكُمْ

اللہ سب سے بڑا ہے اور ہر تعریف اللہ ہی کے لئے ہے سن لو! کہ تمہارے نبی

صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَوْجَبَ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تحقیق واجب کیا تم پر

عَلَيْكُمْ فِىْ هٰذَا الْيَوْمِ عَلٰى كُلِّ مَنْ يَّمْلِكُ

اس دن میں، ہر اس شخص پر جو نصاب کا مالک ہو

النِّصَابَ فَاضِلًا عَنِ الْحَاجَةِ الْاَصْلِيَّةِ

جو اس کی حاجت اصلیہ سے بچا ہوا ہو، اپنی طرف سے (واجب ہے)

عَنْ نَفْسِهٖ وَعَنْ صِغَارِ الذُّرِّيَّةِ صَاعًا

اور اپنی چھوٹی اولاد کی طرف سے ایک صاع کھجور، یا

مِنْ تَمْرٍ اَوْ شَعِيْرٍ اَوْ نِصْفَ صَاعٍ مِنْ بُرٍّ

جو یا آدھا صاع گندم کا خشک انگور (سوکھی یا منقی) بیشک روزے

اَوْ زَبِيْبٍ اِنَّ الصِّيَامَ مُعَلَّقَةٌ بَيْنَ السَّمَآءِ

لٹکے رہتے ہیں آسمان اور زمین کے درمیان،

وَالْاَرْضِ حَتّٰى تُؤَدّٰى هٰذِهِ الصَّدَقَةُ

یہاں تک کہ ادا کر دیا جائے یہ صدقہ

فَاَدُّوْهَا طَيِّبَةً بِهَا اَنْفُسُكُمْ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ

پس اسے ادا کرو خوشی کے ساتھ اللہ سب سے بڑا ہے اللہ

اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

سب سے بڑا ہے اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے

وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ

اور اللہ ہی کے لئے ہر تعریف ہے میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی شیطان مردود سے

الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَمَنْ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان اور رحمت والا ہے پس

يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ

جو ذرہ برابر نیکی کرے گا، وہ اسے دیکھ لے گا اور جو ذرہ برابر برائی کرے گا

مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ط اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ

وہ اسے دیکھ لے گا اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے علاوہ

اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ط اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ط

کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اور اللہ ہی کے لئے ہر تعریف ہے

بَارَكَ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ فِى الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ ط

برکت دے اللہ ہمارے لئے اور تمہارے لئے قرآن عظیم میں اور نفع دے

وَنَفَعَنَا وَاِيَّاكُمْ بِالْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ط

ہمیں اور تمہیں آیات کے صدقے اور قرآن حکیم کے صدقے

اِنَّهٗ تَعَالٰى مَلِكٌ كَرِيْمٌ جَوَّادٌ بَرٌّ رَّءُوْفٌ

بیشک وہ بلند ہے شہنشاہ ہے صاحب کرم ہے، بڑا فیاض ہے، نیک ہے.

رَّحِيْمٌ ط اَقُوْلُ قَوْلِىْ هٰذَا وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ

بڑا مہربان ہے ہر وقت رحم کرنے والا ہے میں یہ بات کہتا ہوں حالانکہ میں بخشش

لِىْ وَلَكُمْ وَلِسَائِرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

مانگتا ہوں اللہ سے اپنے لئے اور تمہارے لئے اور تمام مومن مردوں کیلئے اور تمام مومن

إِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ

عورتوں کے لئے بیشک وہ بہت بخشنے والا رحم کرنے والا ہے، اللہ سب بڑا ہے اللہ سب

اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

سے بڑا ہے، اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔ اللہ سب سے بڑا ہے

وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

اور اللہ ہی کے لئے ہر تعریف ہے

خطبۂ ثانیہ

برائے عید الفطر و عید الاضحٰی

خطبہ ثانیہ کے شروع کرنے سے پہلے سات بار اور ختم پر چودہ بار امام منبر پر کھڑے کھڑے اَللّٰهُ اَكْبَرُ آہستہ کہے کہ یہی سنت ہے

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے

اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ

اللہ سب سے بڑا ہے اور ہر تعریف اللہ ہی کے لئے ہے ہر تعریف اللہ ہی کے لیے ہے ہم

وَنَسْتَعِيْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنُؤْمِنُ بِهٖ وَنَتَوَكَّلُ

اس کی حمد کرتے ہیں اور اس سے مدد چاہتے ہیں اور اس سے مغفرت طلب کرتے ہیں اور اس پر ایمان لاتے ہیں اور اس پر

عَلَيْهِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ

بھروسہ کرتے ہیں اور اللہ کی پناہ مانگتے ہیں اپنے نفس کی شرارتوں سے اور اپنے

سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا

بُرے اعمال سے ، جس کو خدا ہدایت دے اس کو کوئی

مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ یُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِیَ لَهٗ

گمراہ نہیں کر سکتا اور جسے وہ گمراہ کرے اسے ہدایت دینے والا کوئی نہیں

وَنَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ

اور ہم گواہی دیتے ہیں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک

لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

نہیں اور ہم گواہی دیتے ہیں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے بندے اور اس

صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ

کے رسول ہیں درود بھیجے اللہ تعالیٰ تمام مخلوق سے بہتر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور آپ

وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ

کی آل پر اور آپ کے تمام صحابہ پر تیری رحمت کے وسیلے سے، اے سب پر رحم کرنے والوں

یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ خُصُوْصًا عَلٰی

سے زیادہ رحم کرنے والے بالخصوص صحابہ میں سب سے اول

اَوَّلِ الصَّحَابَةِ وَاَفْضَلِهِمْ بِالتَّحْقِیْقِ

اور ان میں سب سے افضل (درحقیقت (حضرت)

اَبِیْ بَکْرِنِ الصِّدِّیْقِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ

ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر

وَعَلٰی اَعْدَلِ الْاَصْحَابِ مَخْزَنِ الصِّدْقِ

اور صحابہ میں سب سے زیادہ عدل کرنے والے پر، جو سچائی اور درستگی کے

وَالصَّوَابِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ

مخزن ہیں، امیر المومنین (حضرت) عمر بن خطاب

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ وَعَلٰی جَامِعِ الْقُرْاٰنِ

رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اور قرآن کے جمع کرنے والے

کَامِلِ الْحَیَآءِ وَالْاِیْمَانِ حَبِیْبِ الرَّحْمٰنِ

حیاء اور ایمان میں کامل، رحمٰن کے حبیب

عُثْمَانَ ابْنِ عَفَّانَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

(حضرت) عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر

وَعَلٰی مَظْهَرِ الْعَجَائِبِ وَالْغَرَائِبِ اَسَدِ اللّٰہِ

اور عجائب و غرائب کی جائے ظہور، اللہ تعالیٰ کے

الْغَالِبِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیِّ ابْنِ اَبِیْ

غالب شیر امیر المومنین (حضرت) علی بن ابی

طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ وَعَلٰی

طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اور آپ کے

عَمَّیْهِ الشَّرِیْفَیْنِ الْمُطَهَّرِیْنَ مِنَ الْاَدْنَاسِ

دو سردار چچاؤں پر جو پاک ہیں میلوں سے، حضرت

الْحَمْزَةِ وَالْعَبَّاسِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُمَا

حمزہ اور حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما،

وَعَلٰی سَیِّدَۃِ النِّسَآءِ فَاطِمَۃَ الزَّھْرَآءِ رَضِیَ

اور عورتوں کی سردار حضرت فاطمہ زہراء رضی اللہ

اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا وَعَلَی الْاِمَامَیْنِ الْھُمَا

تعالیٰ عنہا پر اور دونوں عالی ہمت شیر دل

مَیْنِ السَّعِیْدَیْنِ الشَّھِیْدَیْنِ اَبِیْ مُحَمَّدِ

شہنشاہوں سعادت مندوں شہیدوں پر یعنی ابو محمد

الْحَسَنِ وَاَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَیْنِ رَضِیَ اللّٰهُ

حسن اور ابو عبد اللہ حسین رضی اللہ

تَعَالٰی عَنْھُمَا اَللّٰهُ اَکْبَرُ اَللّٰهُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

تعالیٰ عنہما پر، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے علاوہ

اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ اَللّٰهُ اَکْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اور اللہ ہی کے لئے ساری تعریف

اَللّٰهَ اَللّٰهَ فِیْ اَصْحَابِیْ لَا تَتَّخِذُوْھُمْ

ہے میرے صحابہ کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہو

مِنْ بَعْدِیْ غَرَضًا فَمَنْ اَحَبَّھُمْ فَبِحُبِّیْ

میرے بعد انہیں تنقید کا نشانہ نہ بنا لینا، پس جس نے ان سے محبت کی

اَحَبَّهُمْ وَمَنْ اَبْغَضَهُمْ فَبِبُغْضِیْ اَبْغَضَهُمْ

اس نے میری محبت کی وجہ سے ان سے محبت کی اور جس نے ان سے بغض رکھا تو اس نے میرے

وَخَیْرُ اُمَّتِیْ قَرْنِیْ ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَهُمْ

بغض کی وجہ سے ان سے بغض رکھا سب سے بہتر امت میرے زمانے کی ہے پھر جو اس سے متصل

ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَهُمْ اَللّٰهُ اَکْبَرُ اَللّٰهُ اَکْبَرُ

ہیں پھر جو ان سے متصل ہیں، اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ اَللّٰهُ اَکْبَرُ وَلِلّٰهِ

اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اور ہر تعریف

اَلْحَمْدُ عِبَادَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ

اللہ ہی کے لئے ہے اے اللہ کے بندو بیشک اللہ حکم دیتا ہے انصاف کا

وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَآءِ ذِی الْقُرْبٰی وَیَنْهٰی

اور احسان کا، اور قریبی لوگوں کو دینے کا، اور روکتا

عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ یَعِظُکُمْ

ہے بے حیائی اور برے کاموں سے اور بغاوت سے تمہیں نصیحت کرتا

لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ اُذْکُرُوا اللّٰهَ یَذْکُرْکُمْ

ہے تاکہ تم نصیحت حاصل کرو اور اللہ کو یاد کرو وہ تمہیں یاد کرے گا

وَادْعُوْهُ یَسْتَجِبْ لَکُمْ وَلَذِکْرُ اللّٰهِ

اور اسی سے دعا مانگو وہ قبول کرے گا اور اللہ تعالیٰ کا

تَعَالٰی اَعْلٰی وَاَوْلٰی وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ وَاَتَمُّ

ذکر بلند ہے اور بہتر ہے اور معزز ہے اور بڑا ہے اور مکمل ہے

وَاَهَمُّ وَاَعْظَمُ وَاَكْبَرُ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا

اور اہم ہے اور سب سے عظیم ہے اور سب سے بڑا ہے اور جو تم کرتے ہو

تَصْنَعُوْنَ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اللہ اسے جانتا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اللہ کے علاوہ کوئی عبادت

وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

کے لائق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے، اور اللہ ہی کے لئے ہر تعریف ہے

خُطْبَۂ اُوْلٰی عِیْدُ الْاَضْحٰی

عید الاضحی کا پہلا خطبہ

خطبہ اولیٰ شروع کرنے سے پہلے امام منبر پر کھڑا ہو کر ۹ بار (مستحب) آہستہ آہستہ اللہ اکبر کہے

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں اللہ سب سے بڑا ہے

اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَزَّلَ

اللہ سب سے بڑا ہے اور اللہ ہی کیلئے ہر تعریف ہے ہر تعریف اللہ ہی کیلئے ہے، جس نے

الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ

اپنے بندے پر فرقان (قرآن حکیم) نازل فرمایا تاکہ سارے جہانوں کو ڈر سنانے

نَذِيْرًا وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مُحَمَّدٍ

والا ہو اور صلوٰۃ وسلام ہو محمد مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) پر

الْمُصْطَفٰى وَعَلٰى اٰلِهِ الْمُجْتَبٰى وَاَصْحَابِهٖ

اور آپ کی چنی ہوئی (پسندیدہ) آل پر، اور آپ کے صاحب کرم صحابہ

الْكُرَمَاءِ وَسَلِّمْ عَلَيْنَا وَعَلَيْهِمْ تَسْلِيْمًا

اور سلام بھیج ہم پر اور ان پر بہت زیادہ سلام

كَثِيْرًا وَاَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں وہ

لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا

یکتا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک ہمارے

مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ

آقا محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ اللہ سب بڑا ہے اللہ

اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

سب بڑا ہے اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور اللہ سب بڑا ہے اللہ سب بڑا ہے

وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ اَمَّا بَعْدُ فَيَا اَيُّهَا الْمُؤْمِنُوْنَ

اور اللہ ہی کے لئے ہر تعریف ہے حمد و صلوٰۃ کے بعد پس اے مومنو!

رَحِمَنَا وَرَحِمَكُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى اِعْلَمُوْا اَنَّ

اللہ تعالیٰ ہم پر رحم کرے اور تم پر رحم کرے جان لو کہ تمہارا یہ

يَوْمَكُمْ هٰذَا يَوْمٌ عَظِيْمٌ قَالَ النَّبِيُّ

دن بہت بڑا دن ہے، (حضور) نبی کریم

صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اور کوئی

اَیَّامٍ اَلْعَمَلُ الصَّالِحُ فِیْهِنَّ اَحَبُّ اِلَی

دن ایسا نہیں ہے کہ نیک عمل ان دنوں میں زیادہ پسندیدہ

اللّٰہِ تَعَالٰی مِنْ هٰذِہِ الْاَیَّامِ الْعَشْرِ وَ

ہو، اللہ تعالیٰ کو ان دس دنوں سے اور فرمایا نہیں

قَالَ مَا عَمِلَ ابْنُ اٰدَمَ مِنْ عَمَلٍ یَوْمِ

کرتا ابن آدم کوئی کام قربانی کے دن جو

النَّحْرِ اَحَبَّ اِلَی اللّٰہِ مِنْ اِهْرَاقِ الدَّمِ

زیادہ پسند ہو اللہ تعالیٰ کو خون بہانے سے، اور

وَاِنَّہٗ لَیَاْتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ بِقُرُوْنِهَا وَاَشْعَارِهَا

وہ جانور آئے گا، قیامت کے دن اپنے سینگوں کے ساتھ اور اپنے بالوں کے ساتھ

وَاَظْلَافِهَا وَاِنَّ الدَّمَ لَیَقَعُ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی

اور اپنے کھروں کے ساتھ اور بیشک خون پڑتا ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی جگہ

بِمَکَانٍ قَبْلَ اَنْ یَّقَعَ بِالْاَرْضِ فَطِیْبُوْا بِهَا

پر اس سے پہلے کہ زمین پر پڑے پس ان (قربانیوں کو) خوشی سے کرو،

نَفْسًا اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ

اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور اللہ

أَكْبَرُ اَللّٰهُ أَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اور اللہ ہی کے لئے ہر تعریف ہے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ

تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَسِّنُوْا ضَحَايَاكُمْ فَاِنَّهَا

علیہ وسلم نے فرمایا اپنی قربانیوں کو خوبصورت بناؤ بیشک وہ

عَلَى الصِّرَاطِ مَطَايَاكُمْ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ

پل صراط پر تمہاری سواریاں ہوں گی میں اللہ کی پناہ

الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ

مانگتا ہوں شیطان مردود سے، اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو نہایت

الرَّحِيْمِ وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى

مہربان رحمت والا اور اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ہے

فِي الْكَلَامِ الْمَجِيْدِ وَالْفُرْقَانِ الْحَمِيْدِ

کلام مجید اور فرقان حمید میں

وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهِيْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ

اور یاد کرو جب بلند کر رہے تھے حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل

وَاِسْمٰعِيْلُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ

(علیہما السلام) بیت اللہ کی دیواروں کو (اور یہ کہہ رہے تھے) اے ہمارے رب ہماری طرف

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ

سے قبول فرما بیشک تو ہی ہر وقت سننے والا جاننے والا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اللہ کے

إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُ أَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

علاوہ کوئی معبود حقیقی نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اور ہر تعریف اللہ ہی کے لئے ہے

وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِي الْكَلَامِ الْمَجِيْدِ

اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے بزرگ کلام (قرآن مجید)

وَالْفُرْقَانِ الْحَمِيْدِ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ

اور فرقان حمید میں، جو ذرہ برابر نیکی کرے گا، وہ

ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ

اسے دیکھ لے گا اور جو ذرہ برابر برائی کرے گا، وہ

ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ بَارَكَ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ فِي

اسے دیکھ لے گا، برکت دے اللہ ہمارے لئے اور تمہارے

الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَنَفَعَنَا وَاِيَّاكُمْ بِالْاٰيَاتِ

لئے قرآن عظیم میں، اور فائدہ دے ہمیں اور تمہیں آیات اور

وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ اِنَّهٗ تَعَالٰى مَلِكٌ كَرِيْمٌ

ذکر حکیم کے صدقے بیشک اللہ تعالیٰ شہنشاہ ہے صاحب کرم ہے بڑا فیاض ہے

جَوَادٌ بَرٌّ رَّءُوْفٌ رَّحِيْمٌ اَقُوْلُ قَوْلِيْ هٰذَا

نیکوکار، بہت مہربان رحم کرنے والا ہے میں یہ بات کہہ رہا ہوں۔ اس حال میں

وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ لِيْ وَلَكُمْ وَلِسَائِرِ الْمُؤْمِنِيْنَ

کہ میں بخشش طلب کرتا ہوں اللہ سے اپنے لئے اور تمہارے لئے اور تمام مومنوں

وَالْمُؤْمِنٰتِ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ط اَللّٰهُ

اور مومنات کے لئے بیشک وہی بہت بخشنے والا رحم کرنے والا ہے اللہ سب

اَكْبَرُ ط اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ط اَللّٰهُ

بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اللہ کے علاوہ کوئی حقیقی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اور اللہ

اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ط

سب سے بڑا ہے اور اللہ ہی کے لئے ہر تعریف ہے

اَلْخُطْبَةُ لِكُسُوْفِ الشَّمْسِ

سورج جب بے نور ہو جائے تو اس وقت "نمازِ کسوف" پڑھنے کے بعد یہ خطبہ پڑھا جاتا ہے۔

نماز کسوف پڑھنے کا طریقہ جب سورج بے نور ہو جائے، تو امام جمعہ جامع مسجد میں یا عیدگاہ میں لوگوں کو دو رکعت نفل پڑھائے یعنی دوسرے نوافل کی طرح اور قرأت دونوں رکعتوں میں لمبی پڑھنی چاہیئے۔ اور سیدنا امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک آہستہ پڑھنی چاہیئے۔ کیونکہ یہ دن کی نماز ہے اور دن کی نماز میں اصل قرأت آہستہ ہے۔ دو رکعت نفل پڑھنے کے بعد اتنی لمبی دعا مانگی جائے کہ سورج روشن ہو جائے۔ (ہدایہ جلد اول، صفحہ نمبر ۱۷۵، ۱۷۴)

سورج کے روشن ہونے کے بعد یہ خطبہ پڑھا جائے۔ (شامی جلد اول صفحہ ۵۹۰)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَوَّنَ الْمَخْلُوْقَاتِ وَ

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، جس نے مخلوقات کو بنایا اور

اَظْهَرَ اٰيَاتِهٖ لِلنُّفُوْسِ فَخَوَّفَهَا اَضَآءَ

اپنی نشانیاں ظاہر کیں، نفوس کے لئے پس ان (نفوس) کو ڈرایا

الشمس بید قدرتہ فکسفہا جعل

سورج کو اپنے دست قدرت سے روشن کیا، پھر گہن لگا دیا اُسے، بنا دیا

الشمس والقمر آیتین لاولی الابصار

سورج اور چاند کو دو نشانیاں نظر والوں کے لئے، نہ سورج کے لئے

لا الشمس ینبغی لہا ان تدرک القمر ولا

مناسب ہے کہ وہ چاند کو پا سکے، اور نہ چاند سورج

القمر یدرک الشمس اشھد ان لا الٰہ

کو پا سکتا ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ

الا اللہ وحدہ لا شریک لہ واشھد ان

کوئی معبود نہیں اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں

سیدنا محمداً عبدہ ورسولہ ایہا

کہ ہمارے آقا حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں

الناس ان اللہ تعالیٰ اظہر لکم العبر

اے لوگو! بے شک اللہ تعالیٰ نے ظاہر کیں تمہارے لئے عبرتیں تاکہ تم

لتعتبروا وتفکروا فی آیات اللہ وانظروا

عبرت حاصل کر سکو اور اللہ کی نشانیوں میں غور و فکر کرو اور سورج کی

الی الشمس علیٰ عظیم جرمہا وتصرفہا

طرف دیکھو جو اپنے جسم کے لحاظ سے بہت بڑا ہے اور اس کے تصرف کو دیکھو

فِي الْعَالَمِ بِمَا شَاءَ اللّٰهُ مِنْ حُكْمِهَا كَيْفَ

دنیا میں جس طرح اللہ نے چاہا ، اس کے متعلق حکم دیا کیسے ختم کر دیئے

سَلَبَهَا أَسْبَابَ أَنْوَارِهَا وَهِيَ لَمْ تَعْصِهٖ

اس نے روشنی کے اسباب حالانکہ اس نے طلوع

فِي الطُّلُوعِ وَالْغُرُوبِ وَلَا خَالَطَتْ طَاعَتَهَا

و غروب میں اس کی نافرمانی نہیں کی اور اپنی اطاعت کو نہ ملایا

بِظُلُومِ الْكَذُوبِ فَكَيْفَ بِكُمْ وَقَدْ أَصْرَرْتُمْ

بڑے جھوٹ کے گناہ سے تو تمہارا کیا حال ہوگا حالانکہ تم نے

عَلَى الْعِصْيَانِ وَتَظَاهَرْتُمْ بِمُخَالَفَةِ

نافرمانی پر اصرار کیا اور تم جمع ہوئے حالانکہ بادشاہ کی مخالفت

الْمَلِكِ الدَّيَّانِ أَمَا تَخَافُونَ أَنْ يَسْلُبَ

کرنے کو کیا تم نہیں ڈرتے اس سے کہ وہ چھین لے تم سے اپنی

عَنْكُمْ أَثْوَابَ نِعَمِهٖ وَيُنَزِّلَ عَلَيْكُمْ حَوَادِثَ

نعمتوں کے لباس اور نازل کر دے تم پر اپنے عذاب کے حادثات

نِقَمِهٖ فَلَا تَغْتَرُّوا بِكَثْرَةِ الْإِمْهَالِ وَلَا

پس کوتاہی نہ کرو مہلت ملنے کی کثرت کی وجہ سے اور مہلت

تَقْصِدُوا بِذُنُوبِكُمْ إِلٰى جَانِبِ

کی وجہ سے گناہوں کا قصد نہ کرو ، ہرگز

الْإِمْهَالِ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ثُمَّ كَلَّا

نہیں تم عنقریب جان لوگے پھر ہرگز نہیں، تم عنقریب جان لو

سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

گے اور جان لیں گے عنقریب ظالم کہ وہ کدھر اوندھے

اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ فَاعْتَبِرُوْا يَا

منہ پلٹائے جائیں گے ہیں، نصیحت حاصل کرو اے

عِبَادَ اللّٰهِ فَقَدْ جَآءَتِ السَّاعَةُ وَقَرُبَ

اللہ کے بندو! پس وہ گھڑی آگئی ہے اور اس کا وقت قریب

وَقْتُهَا فَانْظُرُوْا اِلَى الشَّمْسِ وَاعْلَمُوْا

آگیا ہے تو دیکھو سورج کی طرف اور جان لو کہ بے شک سورج

اَنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَا يَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ

اور چاند نہ تو کسی کے مرنے کی وجہ سے گہناتے ہیں اور

اَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهٖ وَلٰكِنْ جَعَلَهُمَا اللّٰهُ

اور نہ کسی کی زندگی کی وجہ سے لیکن بنا دیا ہے اللہ نے ان دونوں

اٰيَتَيْنِ مِنْ اٰيَاتِهٖ فَاِذَا رَاَيْتُمْ ذٰلِكَ

کو اپنی نشانیوں میں سے، دو نشانیاں، پس جب تم یہ دیکھو تو

فَافْزَعُوْا اِلَى الصَّلٰوةِ وَالْاِسْتِغْفَارِ

تم پناہ لو نماز کی طرف اور بخشش طلب کرنے کی طرف

فَتُوبُوا اِلَی اللّٰہِ مَادَامَ بَابُ التَّوْبَۃِ

پس اللہ سے توبہ کرتے رہو، جب تک توبہ کا دروازہ کھلا

مَفْتُوحًا وَافْسَحُوا فِی الْعَمَلِ الصَّالِحِ

ہے اور بہت زیادہ نیک کاموں میں حصہ لو،

قَبْلَ اَنْ لَّا تَجِدُوْا فَتُوحًا وَالسَّمٰوٰتُ

اس سے پہلے کہ نہ پاؤ اُسے کھلا ہوا، اور آسمان اس کی

مَطْوِیَّاتٌ بِیَمِیْنِہٖ وَقُلِ اعْمَلُوا فَسَیَرَی

قدرت سے لپیٹ دیئے جائیں گے اور فرما دیجئے عمل کرو

اللّٰہُ عَمَلَکُمْ وَرَسُوْلُہٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَاَنِیْبُوا

پس دیکھ لے گا تمہارے عمل کو اللہ اور اس کا رسول اور مومن لوگ اور جھک جاؤ

اِلٰی رَبِّکُمْ وَاَسْلِمُوْا لَہٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَکُمُ

اپنے رب کی طرف اور اس کی اطاعت کرلو، اس سے پہلے کہ تم پر اچانک

الْعَذَابُ بَغْتَۃً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ وَاسْتَغْفِرُوْا

عذاب آجائے اور تم بے خبر رہ جاؤ اور اپنے گناہوں کی معافی مانگو

مِنْ ذُنُوْبِکُمْ فَاِنَّ الذُّنُوْبَ یَذْھَبُ

کیونکہ گناہ استغفار کے ذریعے ختم ہو جاتے ہیں اور

بِالْاِسْتِغْفَارِ وَانْدَمُوْا عَلٰی مَا فَرَّطْتُمْ فِی

شرمندہ ہو جاؤ اس پر جو تم نے زیادتیاں کیں

جَنْبِ اللّٰهِ فَاِنَّ النَّدَمَ كَفَّارَةُ الْاَوْزَارِ

اللہ کی جناب میں بیشک شرمندگی (ندامت) گناہوں کا کفارہ ہے۔

جَعَلَنَا اللّٰهُ وَاِيَّاكُمْ مِمَّنْ تَجَلَّتْ لَهُ الْعِبْرَةُ

بنائے اللہ ہمیں اور تمہیں ان میں سے جن کے لئے سامان عبرت ظاہر

فَتَيَقَّظَ وَنَظَرَ فِيْ آيَاتِ اللّٰهِ الْمُعَظَّمَةِ فَتَحَصَّنَ

ہوئے اور وہ بیدار ہو گیا اور اللہ کی بڑی بڑی نشانیوں کو دیکھ کر

مِنَ النَّارِ اِنَّ اَحْسَنَ كَلَامٍ وَعَظَتْ بِهِ الْقُلُوْبُ

آگ سے محفوظ ہو گیا، بیشک بہترین کلام وہ ہے، جس کے ذریعے دل نصیحت

كَلَامُ مَنْ يَعْلَمُ حَقَّ الْمَرْءِ مِنْ بَاطِنِهٖ وَهُوَ

حاصل کریں، اس کا کلام، جو اپنے باطن سے بندے کا حق جانتا ہے اور وہ

عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ انْصُرِ الْاِسْلَامَ

تمام چھپی ہوئی چیزوں کو خوب جاننے والا ہے اے ہمارے اللہ! اسلام اور

وَالْمُسْلِمِيْنَ سَاَصْرِفُ عَنْ آيَاتِيَ الَّذِيْنَ

مسلمانوں کی مدد فرما میں اپنی نشانیوں کے ذریعے سے گمراہ کرتا ہوں،

يَتَكَبَّرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ

ان لوگوں کو جو بغیر جواز کے زمین میں اکڑتے پھرتے ہیں۔

اَلْخُطْبَۃُ لِخُسُوْفِ الْقَمَر

جب چاند گرہن ہو جائے تو نفل پڑھ کر یہ خطبہ پڑھے۔

نمازِ خسوف پڑھنے کا طریقہ

جب چاند گرہن ہو جائے تو دو رکعت نفل نماز خسوف پڑھی جائے جماعت اس میں سنت نہیں ہے۔ اگر جماعت کرائی جائے، تو امام جمعہ جماعت کرائے اور جہراً پڑھے، کیونکہ رات کی نماز میں امام جہراً قرأت پڑھتا ہے نماز پڑھنے کے بعد امام یہ خطبہ پڑھے (شامی جلد اول ص۵۹۱)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْحَکِیْمِ عَلٰی عِبَادِہٖ فَمَا

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو اپنے بندوں پر حکیم (دانا) ہے پس وہ کتنا بردبار ہے

اَحْلَمَہٗ وَمَا اَصْبَرَہٗ فَمَا اَکْرَمَہٗ وَمَا اَلْطَفَہٗ

اور کتنا صبر والا ہے، تو کتنا صاحب کرم اور خیر خواہ ہے عارفین

اَلْمُنْعِمُ بِجُوْدِہِ الْعَمِیْمِ عَلَی الْعَارِفِیْنَ

پر اپنے عام جود و سخا سے انعام کرنے والا ہے مدد کرنے

يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۃ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ تَعَالٰى اَعْلٰى وَاَوْلٰى
وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ وَاَتَمُّ وَاَهَمُّ وَاَكْبَرُ ۃ

دوسرا خطبہ جمعہ کا مع اٹھائیس ۲۸ شعر غزل

؎ اتنی غفلت تو نہ کر علمی خدا کے واسطے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ اَمْطَرَ اَقْطَارَ الرَّحْمَةِ مِنْ سَحَابِ
الْمَغْفِرَةِ وَنَوَّرَ قُلُوْبَ اَهْلِ الْمَعْرِفَةِ بِفَيَضَانِ اَنْوَارِ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ○ وَشَرَحَ صُدُوْرَ
الْمُؤْمِنِيْنَ بِنُوْرِ اَذْكَارِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ
لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ هُوَ سَلْسَبِيْلُ اَنْهَارِ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ○ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَخُلَفَآئِهِ الَّذِيْنَ فَازُوْا اِلٰى

اَعْلَی الدَّرَجَاتِ بِکَثْرَةِ اَذْکَارِ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ
اللّٰہِ خُصُوْصًا عَلٰی اَوَّلِھِمْ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَبِیْ بَکْرِ الصِّدِّیْقِ
التَّقِیِّ اَسْبَقَ بِاِقْرَارِ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَعَلٰی
اَعْدَلِھِمْ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عُمَرَ النَّقِیِّ بِفَیْضَانِ اَنْوَارِ لَآاِلٰہَ
اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ○ وَعَلٰی اَحْلَمِھِمْ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ
عُثْمَانَ الزَّکِیِّ جَامِعِ اَسْرَارِ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ
اللّٰہِ ○ وَعَلٰی اَعْلَمِھِمْ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیِ الْمُرْتَضٰی
قَاطِعِ الْکُفَّارِ بِذِی الْفِقَارِ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ
وَعَلَی الْاِمَامَیْنِ الْھُمَامَیْنِ السَّعِیْدَیْنِ اَبِیْ مُحَمَّدِ
الْحَسَنِ وَاَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ الْحُسَیْنِ الَّذِیْنَ مَحَبَّتُھُمَا مُوْجِبُ
النَّجَاةِ مِنَ الْعَذَابِ الْاَلِیْمِ کَاشِفَیْ اَسْتَارِ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ○ وَعَلٰی اُمِّھِمَا سَیِّدَةِ النِّسَآءِ فَاطِمَةَ
الزَّھْرَآءِ بِاَزْھَارِ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ○
وَعَلَی السِّتَّةِ الْبَاقِیَةِ مِنَ الْعَشَرَةِ بِبَشَارَةِ الْمُصْطَفٰی
وَعَلَی الْمُھَاجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ وَعَلٰی کُلِّ مَنِ اسْتَقَرَّ
بِاِقْرَارِ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ○ شَفِیْعٌ فِی
الْحَشْرِ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ○ وَنُوْرٌ عَلَی الصِّرَاطِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ○ وَنَجَاةٌ مِّنَ النِّيْرَانِ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ○ وَمَكْتُوْبٌ عَلٰى بَابِ
الْجِنَانِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ○ وَمَفْتُوْحٌ
بَابُ الرَّحْمَةِ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ بِبَرَكَةِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ○ اَنَّ اَرْوَاحَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ
تُنَادِيْ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ وَّلَيْلٍ يَّا رَحْمٰنُ لَا نَطْلُبُ اَنْ
تَحْشُرَنَا سَاعَةً حَتّٰى نَقُوْلَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ
رَّسُوْلُ اللّٰهِ ○ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِجَمِيْعِ مَنْ قَالَ لَآ
اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ○ بَارَكَ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ
فِي الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ ○ اِنَّهٗ تَعَالٰى جَوَادٌ كَرِيْمٌ مَّلِكٌ
بَرٌّ رَّءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○

اتنی غفلت تو نہ کر علمی خدا کے واسطے
فکر کر کچھ تو بھلا روزِ جزا کے واسطے

نفس کے تابع رہے ایسے کہ بھولے آہ وہ
آئے تھے دنیا میں ہم جس مدعا کے واسطے

حیف تو سوتا رہا ہر صبح اور وقتِ اذان
مرغ و ماہی سب اٹھے یادِ خدا کے واسطے

کب عمارت کو جہاں کی پائداری ہے عزیز
عمر کھوتا ہے عبث اس کی بنا کے واسطے

حرص و غصہ بغض و کینہ غیبت و مکر و فریب
رات دن کرتا ہے عمرِ بے بقا کے واسطے

ہے تکبر زر پہ لاحاصل کہ بعد مرگ بس
ایک ہی رستہ ہے سب شاہ گدا کے واسطے

مال و زر ملک و زمیں فوج و سپہ گنج و حشم
کب کسی کو ہے بقا سب ہے فنا کے واسطے

بیٹھ گنج صبر میں قسمت کا جو ہے پائے گا
مت اٹھا رنج و غنا گنج و عنا کے واسطے

حضرت حق نے تجھے پیدا کیا ہے کس لئے
کھول آنکھیں دیکھ اتنا تو خدا کے واسطے

گر سلیمان زمانہ بھی ہوا تو کیا ہوا
آخرش تو چیونٹیوں کی ہے غذا کے واسطے

آج جو دنیا میں ہے دے کل خدا جانے یہ مال
ہووے کس بیگانہ و نا آشنا کے واسطے

کام وہ کر لے پیارے جس کے باعث گور میں
باغ رضواں سے کھلے کھڑکی ہوا کے واسطے

پنج گانہ پڑھ شریعت میں بہت تاکید ہے
فجر و ظہر و عصر و مغرب اور عشا کے واسطے

ترک کر سب کام مت کر دیر جب سن لے اذان
جلد آ مسجد میں جمعہ کے ادا کے واسطے

روز جمعہ کا مبارک ہے کہ ہے اس روز میں
ایک ساعت خاص مقبول دعا کے واسطے

ہو نماز و روزہ یا حج و زکوٰۃ و صدقہ ہو
خالصاً للہ کر مت کر ریا کے واسطے

تجھ پہ جو آئے مصیبت صبر کر اور کر خیال
سختیاں کیا کیا ہوئی ہیں انبیا کے واسطے

تندرستی ہے عجب نعمت سمجھ اکسیر تو — فکر فاسد ہے حصول کیمیا کے واسطے
شمع اعمال کو روشن تو کر ہمراہ لے — کنج قبر تنگ و تیرہ کی ضیا کے واسطے
پڑھ کے تو قرآن کو کچھ جمع کر لے اب ثواب — قبر پر کون آئے گا پھر فاتحہ کے واسطے
دست و پا کام و زبان و چشم و گوش و نقد و مال — چاہیے سمجھو کہ ہیں شکر خدا کے واسطے
شکر کے معنی یہ ہیں ہو ان سے محتاجوں کو نفع — مت سمجھنا اپنی پوشاک و غذا کے واسطے
تجھ سے جب تک ہو سکے ہو رنج میں انکے شریک — یعنی کر سامان راحت اقربا کے واسطے
نارضامندی خدا کی جس میں ہو ہرگز نہ کر — کام جو کرنا ہے کر اسکی رضا کے واسطے
مت چھپا حق کو نہ کہنا حق کہ حق راضی رہے — سچ تو ہے کیوں جھوٹ بولے آشنا کے واسطے
کام دوزخ کے کیے جنت کا ہے امیدوار — قصر جنت تو بنا ہے پارسا کے واسطے
حق کی نافرمانیوں سے باز آ تو باز آ — آگ دوزخ کی بھڑکتی ہے سزا کے واسطے
اے خدا ہو عاقبت ہر ایک مومن کی بخیر — دونوں ہاتھوں کو اٹھاتا ہوں دعا کے واسطے

چل طریق حق پہ علمی ڈر تو رب سے رات دن
پڑھ درود حق محمد مصطفٰے کے واسطے

خُطْبَۂ ثَانِیَہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنُؤْمِنُ بِہٖ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْہِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّاٰتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ ○ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ ○ وَنَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ

اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ○ وَنَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ○ يَاَيُّهَا النَّاسُ ثَبِّتُوْا قُلُوْبَكُمْ بِالطَّاعَاتِ ○ وَصَلُّوْا عَلٰى مُحَمَّدِ نِ الْمُصْطَفٰى صَاحِبِ الشَّفَاعَاتِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰى وَصَامَ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ قَعَدَ وَقَامَ ○ وَعَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ○ وَعَلٰى كُلِّ مَلٰٓئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَاَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ اَيِّدِ الْاِسْلَامَ وَالْمُسْلِمِيْنَ بِبَقَآءِ سَلْطَنَةِ السُّلْطَانِ الْمُسْلِمِ خَلَّدَ اللّٰهُ تَعَالٰى مُلْكَهٗ وَ سُلْطَانَهٗ وَاَفَاضَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ بِرَّهٗ وَاِحْسَانَهٗ ○ اَللّٰهُمَّ انْصُرْ مَنْ نَّصَرَ دِيْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاجْعَلْنَا مِنْهُمْ ○ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَ دِيْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا تَجْعَلْنَا مِنْهُمْ تَعَادَلُوْا عِبَادَ اللّٰهِ ○ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِى الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْیِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ○ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ تَعَالٰى اَعْلٰى وَاَوْلٰى وَاَتَمُّ وَاَكْبَرُ ○

تیسرا خطبہ جمعہ کا مشتمل اسمائے خدا و رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر مع تیئیس شعر

غزل ہے حضرت آدم نبی نیچے زمیں کے چل بسے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ حَمۡدًا کَثِیۡرًا ۝ سُبۡحَانَ اللّٰہِ بُکۡرَۃً وَّاَصِیۡلًا ۝
هُوَ اللّٰهُ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمُ اَلۡمَلِکُ
الۡقُدُّوۡسُ السَّلَامُ الۡمُؤۡمِنُ الۡمُهَیۡمِنُ الۡعَزِیۡزُ الۡجَبَّارُ الۡمُتَکَبِّرُ
الۡخَالِقُ الۡبَارِئُ الۡمُصَوِّرُ الۡغَفَّارُ الۡقَهَّارُ الۡوَهَّابُ الرَّزَّاقُ
الۡفَتَّاحُ الۡعَلِیۡمُ الۡقَابِضُ الۡبَاسِطُ الۡخَافِضُ الرَّافِعُ الۡمُعِزُّ الۡمُذِلُّ السَّمِیۡعُ
الۡبَصِیۡرُ الۡحَکَمُ الۡعَدۡلُ اللَّطِیۡفُ الۡخَبِیۡرُ الۡحَلِیۡمُ الۡعَظِیۡمُ
الۡغَفُوۡرُ الشَّکُوۡرُ الۡعَلِیُّ الۡکَبِیۡرُ الۡحَفِیۡظُ الۡمُقِیۡتُ الۡحَسِیۡبُ
الۡجَلِیۡلُ الۡکَرِیۡمُ الرَّقِیۡبُ الۡمُجِیۡبُ الۡوَاسِعُ الۡحَکِیۡمُ الۡوَدُوۡدُ
الۡمَجِیۡدُ الۡبَاعِثُ الشَّهِیۡدُ الۡحَقُّ الۡوَکِیۡلُ الۡقَوِیُّ الۡمَتِیۡنُ
الۡوَلِیُّ الۡحَمِیۡدُ الۡمُحۡصِیۡ الۡمُبۡدِئُ الۡمُعِیۡدُ الۡمُحۡیِیۡ الۡمُمِیۡتُ
الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ الۡوَاجِدُ الۡمَاجِدُ الۡوَاحِدُ الۡاَحَدُ الصَّمَدُ الۡقَادِرُ
الۡمُقۡتَدِرُ الۡمُقَدِّمُ الۡمُؤَخِّرُ الۡاَوَّلُ الۡاٰخِرُ الظَّاهِرُ الۡبَاطِنُ

اَلْوَالِی الْمُتَعَالِی الْبَرُّ التَّوَّابُ الْمُنْتَقِمُ الْعَفُوُّ الرَّؤُفُ مٰلِكُ الْمُلْكِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ الْمُقْسِطُ الْجَامِعُ الْغَنِیُّ الْمُغْنِی الْمَانِعُ الضَّآرُّ النَّافِعُ النُّوْرُ الْهَادِی الْبَدِیْعُ الْبَاقِی الْوَارِثُ الرَّشِیْدُ الصَّبُوْرُ الرَّبُّ الْمُنْعِمُ الْمُعْطِی الصَّادِقُ السَّتَّارُ وَ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ عَدَدَ مَا ذَکَرَهُ الذَّاکِرُوْنَ ○ وَسَهٰی عَنْ ذِکْرِهِ الْغَافِلُوْنَ ○ خُصُوْصًا عَلٰی اَفْضَلِ الصَّحَابَةِ وَاَعْظَمِهِمْ بِالتَّحْقِیْقِ ○ الْمُلَقَّبِ بِالْعَتِیْقِ ○ اَمِیْرِالْمُؤْمِنِیْنَ وَاِمَامِ الْاَصْدَقِیْنَ اَبِیْ بَکْرِ الصِّدِّیْقِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ وَعَلٰی قُدْوَةِ الْاَصْحَابِ صَاحِبِ الدُّرَّةِ وَالْاِحْتِسَابِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَاِمَامِ الْاَعْدَلِیْنَ عُمَرَبْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ○ وَعَلٰی جَامِعِ الْقُرْاٰنِ ○ فَتَّاحِ الْاَمْصَارِ وَالْبُلْدَانِ مُجَهِّزِ جَیْشِ الْعُسْرَةِ لِمَرْضَاتِ اللّٰهِ الْمَنَّانِ اَمِیْرِالْمُؤْمِنِیْنَ وَاِمَامِ الْاَوْرَعِیْنَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ ○ وَعَلٰی مَطْلُوْبِ کُلِّ طَالِبٍ اَمِیْرِالْمُؤْمِنِیْنَ وَاِمَامِ الْاَشْجَعِیْنَ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ○ وَعَلَی الْاِمَامَیْنِ الْهُمَامَیْنِ السَّعِیْدَیْنِ ○ اَبِیْ مُحَمَّدِ الْحَسَنِ وَاَبِیْ عَبْدِاللّٰهِ الْحُسَیْنِ ○ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُمَا ○ وَعَلٰی

اُمِّهِمَا سَيِّدَةِ النِّسَآءِ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ ۝ وَعَلٰى عَمَّيْهِ الْمُطَهَّرِيْنِ مِنَ الدَّنَسِ وَالْاَرْجَاسِ اَلْحَمْزَةِ وَالْعَبَّاسِ وَعَلٰى سَآئِرِ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالتَّابِعِيْنَ الْاَبْرَارِ الْاَخْيَارِ ۝ رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ بَارَكَ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ فِى الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَنَفَعَنَا وَاِيَّاكُمْ بِالْاٰيَاتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ۝ اِنَّهٗ تَعَالٰى جَوَادٌ كَرِيْمٌ مَّلِكٌ بَرٌّ رَّءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝

حضرت آدم نبی نیچے زمیں کے چل بسے — نوح کشتیبانِ عالم یہاں سے چل بسے

یوسفؑ و یعقوبؑ و اسمٰعیلؑ و اسحٰقؑ و خلیلؑ — حاکم و عالم سلیماں مہر والے چل بسے

ہودؑ و ادریسؑ و یونسؑ شیثؑ و ایوبؑ و شعیبؑ — دعوتِ اسلام کر کے ٹھہرے چندے چل بسے

واسطے جن کے زمین و آسماں پیدا ہوئے — جنت الفردوس میں وہ حق کے پیارے چل بسے

آہ بوبکرؓ و عمرؓ افسوس عثمانؓ و علیؓ — صدق و عدل و حلم و علم اپنا دکھا کے چل بسے

حضرت خیر النساءؓ بیٹی رسول اللہ ﷺ کی — طیب و طاہر نبیؐ کے دونوں بیٹے چل بسے

نور چشم مرتضیٰؓ نے دینے سے دشمن کے زہر — پی لیا اور پارۂ دل منہ سے ڈالے چل بسے

شاہ دشت کربلا نے ظالموں کے ہاتھ سے — زخم تیر و نیزہ و شمشیر کھاتے چل بسے

بو حنیفہؒ شافعیؒ اور مالکؒ و حنبلؒ امام — انتظام شرح کر کے دیکے فتوے چل بسے

آسماں پر عیسیٰؑ اور داؤدؑ و موسیٰؑ خاک میں — لے کے توریت و زبور انجیل حق سے چل بسے

غوثِ اعظم شیخ عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ اک عالم کے فخر
اور جنیدؒ و شبلی کے مانند کتنے چل بسے

یوسف و شیریں و عذرا لیلےٰ و بلقیس سے
کتنے آئے سیر کو دیکھے تماشے چل بسے

وامق و قیس و زلیخا و سلیمان کوہ کن
عاشق کامل تھے یہ لاکھوں میں اچھے چل بسے

انوری و سعدی و جامی نظامی عنصری
سب کے سب سلطان اقلیم سخن تھے چل بسے

تھے لقمان اور ارسطو اور افلاطون حکیم
کچھ نہ حکمت زندگی کی اپنی سیکھے چل بسے

بوعلی سے بھی ہزاروں آئے دنیا میں طبیب
موت کی دارو کہیں سے پر نہ لائے چل بسے

ساتھ جن کے تھا یہاں پر لشکر و فوج و سپاہ
بیکسانہ قبر کے اندر اکیلے چل بسے

ایک ساعت بھی نہ ٹھہرے جن کو وعدہ آگیا
جی کے جی ہی میں رہے ارمان سارے چل بسے

دیکھتے ہی دیکھتے اکثر عزیز و آشنا
تندرست و خوبصورت چلتے پھرتے چل بسے

ہائے کوئی بھی نہ پلٹا اور نہ آئی کچھ خبر
چپ چکے ہو کر شہر خاموشاں میں ایسے چل بسے

چل بسیں گے ایک دن ہم بھی اسی صورت سے آہ
جس طرح زیر زمیں یہ لوگ لگلے چل بسے

جیسے چل بسنا یہاں اوروں کا ہم کرتے ہیں آہ
دوست ہم کو کل کہیں گے آج وہ بھی چل بسے

خانۂ اصلی میں جانے کی ذرا تو فکر کر
کھول آنکھیں دیکھ علمی یار کیسے چل بسے

خُطبۂ ثانی اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْعَلِیِّ الْوَلِیِّ ○ وَالصَّلٰوۃُ عَلٰی نَبِیِّہٖ وَحَبِیْبِہِ الَّذِیْ اَسْمَآؤُہٗ مُحَمَّدٌ اَحْمَدُ حَامِدٌ مَحْمُوْدٌ

اَحِیْدٌ وَّحِیْدٌ مَّاحٍ حَاشِرٌ عَاقِبٌ طٰهٰ یٰسٓ طَاهِرٌ مُّطَهَّرٌ
طَیِّبٌ سَیِّدٌ رَّسُوْلٌ نَّبِیٌّ رَّسُوْلُ الرَّحْمَةِ قَیِّمٌ جَامِعٌ مُّقْتَفٍ
مُّقَفٍّ رَّسُوْلُ الْمَلَاحِمِ رَسُوْلُ الرَّاحَةِ کَامِلٌ اِکْلِیْلٌ مُّدَّثِّرٌ مُّزَّمِّلٌ
عَبْدُاللّٰهِ حَبِیْبُ اللّٰهِ صَفِیُّ اللّٰهِ نَجِیُّ اللّٰهِ کَلِیْمُ اللّٰهِ خَاتِمُ
الْاَنْبِیَآءِ خَاتِمُ الرُّسُلِ مُحْیٍ مُّنَجٍّ مُّذَکِّرٌ نَّاصِرٌ مَّنْصُوْرٌ
نَّبِیُّ الرَّحْمَةِ نَبِیُّ التَّوْبَةِ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ مَّعْلُوْمٌ شَهِیْرٌ
شَاهِدٌ شَهِیْدٌ مَّشْهُوْدٌ بَشِیْرٌ مُّبَشِّرٌ نَّذِیْرٌ مُّنْذِرٌ نُّوْرٌ
سِرَاجٌ مِّصْبَاحٌ هُدًی مَّهْدِیٌّ مُّنِیْرٌ دَاعٍ مَّدْعُوٌّ مُّجِیْبٌ
مُّجَابٌ حَفِیٌّ عَفُوٌّ وَّلِیٌّ حَقٌّ قَوِیٌّ اَمِیْنٌ مَّاْمُوْنٌ کَرِیْمٌ
مَّکِیْنٌ مَّتِیْنٌ مُّبِیْنٌ مُّؤَمَّلٌ وَّصُوْلٌ ذُوْ قُوَّةٍ ذُوْ حُرْمَةٍ
ذُوْ مَکَانَةٍ ذُوْ عِزٍّ ذُوْ فَضْلٍ مُّطَاعٌ مُّطِیْعٌ قَدَمُ صِدْقٍ
رَحْمَةٌ بُشْرٰی غَوْثٌ غَیْثٌ غِیَاثٌ نِّعْمَةُ اللّٰهِ هَدِیَّةُ اللّٰهِ
عُرْوَةٌ وُّثْقٰی صِرَاطُ اللّٰهِ صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ ذِکْرُ اللّٰهِ سَیْفُ
اللّٰهِ حِزْبُ اللّٰهِ النَّجْمُ الثَّاقِبُ مُصْطَفٰی مُجْتَبٰی مُنْتَقًی اُمِّیٌّ
مُّخْتَارٌ اَجِیْرٌ جَبَّارٌ مُّجِیْرٌ اَبُوالْقَاسِمِ اَبُوالطَّاهِرِ اَبُوالطَّیِّبِ
اَبُوْ اِبْرَاهِیْمَ مُشَفَّعٌ صَلِحٌ مُّصْلِحٌ مُّؤْمِنٌ مُّهَیْمِنٌ صَادِقٌ
مُّصَدِّقٌ صِدْقٌ سَیِّدُ الْمُرْسَلِیْنَ اِمَامُ الْمُتَّقِیْنَ قَآئِدُ الْغُرِّ

الْمُعَجِّلِيْنَ خَلِيْلُ الرَّحْمٰنِ بَرٌّ مُّبَرٌّ وَّجِيْهٌ نَّصِيْحٌ نَّاصِحٌ
وَّكِيْلٌ مُّتَوَكِّلٌ شَفِيْقٌ رَّفِيْقٌ رُّوْحُ الْقُدُسِ رُوْحُ الْحَقِّ
رُوْحُ الْقِسْطِ كَافٍ مُّكْتَفٍ مُّقِيْمُ السُّنَّةِ مُقَدَّسٌ بَالِغٌ
شَافِعٌ وَّاصِلٌ مَّوْصُوْلٌ سَابِقٌ سَآئِقٌ هَادٍ مُّهْدٍ مُّقَدَّمٌ
عَزِيْزٌ فَاضِلٌ مُّفَضَّلٌ فَاتِحٌ مِّفْتَاحٌ مِّفْتَاحُ الرَّحْمَةِ مِفْتَاحُ
الْجَنَّةِ عَلَمُ الْاِيْمَانِ عَلَمُ الْيَقِيْنِ دَلِيْلُ الْخَيْرَاتِ مُصَحِّحُ
الْحَسَنَاتِ مُقِيْلُ الْعَثَرَاتِ صَفُوْحٌ عَنِ الزَّلَّاتِ صَاحِبُ
الشَّفَاعَةِ صَاحِبُ الْقَدَمِ مَخْصُوْصٌ بِالْعِزِّ مَخْصُوْصٌ بِالْمَجْدِ
مَخْصُوْصٌ بِالشَّرَفِ صَاحِبُ الْوَسِيْلَةِ صَاحِبُ السَّيْفِ
صَاحِبُ الْفَضِيْلَةِ صَاحِبُ الْاِزَارِ صَاحِبُ الْحُجَّةِ
صَاحِبُ السُّلْطَانِ صَاحِبُ الرِّدَآءِ صَاحِبُ الدَّرَجَةِ الرَّفِيْعَةِ
صَاحِبُ التَّاجِ صَاحِبُ الْمِغْفَرِ صَاحِبُ اللِّوَآءِ صَاحِبُ
الْمِعْرَاجِ صَاحِبُ الْقَضِيْبِ صَاحِبُ الْبُرَاقِ صَاحِبُ
الْخَاتَمِ صَاحِبُ الْعَلَامَةِ صَاحِبُ الْبُرْهَانِ صَاحِبُ الْبَيَانِ
فَصِيْحُ اللِّسَانِ مُطَهَّرُ الْجَنَانِ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ اُذُنُ خَيْرٍ
صَحِيْحُ الْاِسْلَامِ سَيِّدُ الْكَوْنَيْنِ عَيْنُ النَّعِيْمِ عَيْنُ الْغُرِّ
سَعْدُ الْخَلْقِ خَطِيْبُ الْاُمَمِ عَلَمُ الْهُدٰى كَاشِفُ الْكُرَبِ

رَافِعُ الرُّتَبِ عِزُّ الْعَرَبِ صَاحِبُ الْفَرَجِ كَرِيْمُ الْمَخْرَجِ رَفِيْعُ الدَّرَجِ ○ وَالسَّلَامُ عَلٰی اٰلِهِ الْمُكَرَّمِيْنَ وَصَحْبِهِ الرَّاشِدِيْنَ كُلِّهِمْ اَجْمَعِيْنَ ○ اَمَّا بَعْدُ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ تَعَالٰی لَيْلًا وَّ نَهَارًا ○ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ عَلٰی حَسْبِ اَمْرِهِ الْمُكَرَّمِ ○ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِی الْقُرْبٰی وَيَنْهٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْیِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۃ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ تَعَالٰی اَعْلٰی وَاَوْلٰی وَاَجَلُّ وَاَتَمُّ وَاَعْظَمُ وَاَكْبَرُ ۃ

چوتھا خطبہ جُمعہ کا منظوم مع پچیس شعر مثنوی

س دسں برس کی عمرِ جس دن ہو گئی یا بیست کی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِرَبٍّ هُوَ شَافٍ لِسَقِيْمٍ	وَالشُّكْرُ لِمَنْ اَرْحَمَ مِنْ كُلِّ رَحِيْمٍ
اَلْعَالِمُ وَالْوَاحِدُ وَالْبَاقِیْ اَبَدًا	وَالْغَافِرُ لِلذَّنْبِ جَدِيْدٍ وَّ قَدِيْمٍ
اَلظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَالنَّافِعُ حَقًّا	اَلرَّازِقُ لِلْعَبْدِ وَاِنْ كَانَ اَثِيْمٍ
اَلْحَاكِمُ وَالنَّافِذُ لِلْحُكْمِ سَرِيْعًا	لَامَانِعَ مَا يُوْصَلُ مِنْ فَضْلٍ كَرِيْمٍ

اَلعَالِمُ وَالنَّاظِرُ فِی کُلِّ اٰوَانٍ ‏ وَالحَافِظُ مِنْ نَارِ سَعِیْرٍ وَّجَحِیْمٍ
اَلْقَابِضُ وَالْبَاسِطُ وَالرَّافِعُ رَبِّیْ ‏ اَلْمُحْیِیُ لِلْمَیِّتِ مِنْ عَظْمٍ رَمِیْمٍ
وَاَشْهَدُ بِاللّٰهِ لَهٗ لَیْسَ نَظِیْرٌ ‏ اَلْخَالِقُ لِلْعِیْسٰی مِنْ بَطْنِ عَقِیْمٍ
وَاَشْهَدُ بِالصَّادِقِ لِلْخَیْرِ خُلُقٍ ‏ اَلْقَاسِمُ لِلْکَوْثَرِ مِنْ کَرَمٍ عَمِیْمٍ
فَعَلَیْهِ صَلٰوةٌ وَّسَلَامٌ بِکَمَالٍ ‏ مِنْ عِنْدِ هُوَ الْقَادِرُ مِنْ غَیْرِ نَدِیْمٍ
وَالْمَلَکُ یُصَلُّوْنَ عَلٰی اَفْضَلِ رُسُلٍ ‏ وَالنَّاسُ جَمِیْعُوْنَ بِاٰدَابٍ عَظِیْمٍ
وَعَلٰی اَوَّلِ اَصْحَابِ نَبِیٍّ وَّرَسُوْلٍ ‏ صِدِّیْقٍ رَّفِیْقٍ هُوَ فِی الْغَارِ نَدِیْمٍ
وَعَلٰی اَعْدَلِهِمْ نَاطِقٍ بِالْحَقِّ صَوَابًا ‏ مِنْ هَیْبَتِهٖ فَرَّ اِبْلِیْسُ رَجِیْمٍ
وَعَلٰی اَحْلَمِهِمْ جَامِعِ اٰیَاتٍ شَرِیْفٍ ‏ عُثْمَانَ رضی اللہ عنہ قَتِیْلٍ بَیْنِ الْقَوْمِ رَجِیْمٍ
وَعَلٰی زَوْجِ بَتُوْلٍ اَسَدِ اللّٰهِ وَلِیٍّ ‏ هُوَ قَامِعُ لِلْخَیْبَرِ مِنْ فَضْلٍ عَمِیْمٍ
وَعَلٰی قُرَّةِ عَیْنَیْهِ شَهِیْدَیْنِ قَتِیْلَیْنِ ‏ حَسَنَیْنٌ سَعِیْدَیْنِ بِجَنّٰتٍ نَّعِیْمٍ
وَعَلٰی حَمْزَةَ وَعَبَّاسٍ خِیَارَیْنِ اَمِیْرَیْنِ ‏ عَمَّیْنِ شَرِیْفَیْنِ رَسُوْلٍ وَّکَرِیْمٍ
وَعَلٰی بِنْتِ رَسُوْلٍ هِیَ زَهْرَآءُ بَتُوْلٍ ‏ لِلْخَلْقِ ضَمِیْنٌ هِیَ فِیْ یَوْمٍ سَهِیْمٍ

وَعَلٰی سَآئِرِ مَنْ تَابَعَ الدِّیْنَ حَنِیْفًا
رَحِمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ وَلَهُمْ فَضْلٌ عَظِیْمٌ

اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ

لَهِیَ الْحَیَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوْا یَعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّ مَلَكَ الْمَوْتِ وُكِّلَ بِكُمْ وَاَنْتُمْ غٰفِلُوْنَ ۝ وَالْقَبْرُ مُنْتَظِرٌ اِلَیْكُمْ وَاَنْتُمْ فِیْ نَوْمِ الْغَفْلَةِ نَآئِمُوْنَ ۝ بَارَكَ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ فِی الْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ ۝ وَنَفَعَنَا وَاِیَّاكُمْ بِالْاٰیٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِیْمِ ۝ اِنَّهٗ تَعَالٰی جَوَادٌ كَرِیْمٌ مَلِكٌ بَرٌّ رَؤُفٌ رَحِیْمٌ ۝

دس۱۰ دن کی عمر جس دن ہوگئی یا بیست کی
آدمی کو چاہیے کچھ قدر سمجھے زیست کی

تیس۳۰ کے سن تک نشاط زندگی حاصل رہے
جب ہوا چالیس۴۰ کا ہر کام میں کاہل رہے

اور جب اس عمر کو نہ سے گئے پورے پچاس۵۰
فرق آتا ہے بصر میں جاتے ہیں ہوش و حواس

ساٹھویں میں تکیۂ دیوار کی حاجت پڑی
جب ہوا ستر کا ہر اک کام میں دقت پڑی

جب ہوئی اسّی کی یا نوّے۹۰ کی عمر بے بقا
تن میں آئی ناتوانی جان پر رنج و عنا

بلکہ اب تو اسّی نوّے۹۰ کے بہت ہوتے ہیں کم
تھوڑے سے ہی سن میں جاتے ہیں چلے سوئے عدم

دیکھتے ہی دیکھتے کیا طفل کیا پیر و جوان
چلتے پھرتے موت آئی مر گئے ہیں ناگہاں

قصد کرتا ہے جسے تم سو برس یا ایک دن
اس جہان بے بقا سے کوچ ہوگا ایک دن

مومنو رہتے ہو کیوں بے فکر بے غم بے خبر
اک سفر در پیش ہے دور و دراز و پُر خطر

توشۂ اعمال تھوڑا بار عصیاں بے شمار
منزل مقصد نہایت دور شیطاں راہ مار

پل صراط از بسکہ باریک و طویل و تیز ہے
اس کے نیچے ایک دریا آگ سے لبریز ہے

نیک و بد اعمال تولے جائیں گے میزان میں ہو حساب ذرہ ذرہ حشر کے میدان میں

منزل اوّل ہے اس کی شہر خاموشاں میں قبر اس میں تنگی کے سبب کروٹ کا بھی لینا ہے جبر

وہ اندھیری کوٹھری ہے ہر طرف سے بند آہ روشنی کے اور ہوا کے واسطے روزن نہ راہ

ہے سرہانے پائنتی خاک اور دہنے بائیں خاک نیچے اوپر خاک ہے تاریک تر ہے اک مغاک

کچھ نہ یاور کا پتہ ہے اور نہ مونس کا نشاں حشر کے دن تک اکیلا تم کو رہنا ہے وہاں

جو کوئی جاتا ہے واں اس کی خبر آتی نہیں کوئی بھی آرام کی صورت نظر آتی نہیں

موت ہے سر پر کھڑی تدبیر کرنا چاہیے پھر نہ ہوگا کچھ نہیں تاخیر کرنا چاہیے

پاؤں چلنے پھرنے سے ہو جائیں گے بیکار پھر دست و بازو ہل نہیں سکتے ترے زنہار پھر

خشک ہووے گی زباں منہ سے نہ نکلے گا کلام کچھ نہ کانوں سے سنائی دیگا اس دم لا کلام

آنکھیں مُند جائینگی لب ہو جائینگے بند ایکبار پھر تو یہ مردہ بدست زندہ ہے بے اختیار

توشۂ اعمال اپنا ساتھ لے جاؤ ابھی کون پیچھے قبر میں بھیجے گا سوچو تو سہی

بعد مرنے کے تمہیں اپنا پرایا بھول جائے فاتحہ کو قبر پر پھر کوئی آئے یا نہ آئے

توبہ استغفار عصیاں سے کرو ڈرتے رہو امر و نہی حق تعالٰے کو ادا کرتے رہو

رحم کر علمی پہ یارب دے اُسے توفیق خیر
کام بخشش کا نہیں کوئی تری رحمت بغیر

خطبہ ثانی

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا وَّسَبِّحُوْہُ بُکْرَۃً وَّاَصِیْلًا ۝ وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا ۝ وَنَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ سَمِیْعًا قَدِیْرًا ۝ وَنَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ مُخَاطَبُ نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِیْلًا ۝ اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ط یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی وَصَامَ ط وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ قَعَدَ وَقَامَ ۝ وَصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ ۝ وَعَلَی الْمَلٰٓئِکَۃِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَعَلٰٓی اَھْلِ طَاعَتِکَ اَجْمَعِیْنَ مِنْ اَھْلِ السَّمٰوٰتِ وَاَھْلِ الْاَرَضِیْنَ ۝ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝ اَللّٰھُمَّ وَفِّقْ اَمِیْرَ الزَّمَانِ بِاَنْوَاعِ الْبَرَکَاتِ وَالْاِحْسَانِ اَللّٰھُمَّ انْصُرْ مَنْ نَّصَرَ دِیْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاجْعَلْنَا مِنْھُمْ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَ دِیْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلَا تَجْعَلْنَا مِنْھُمْ عِبَادَ اللّٰہِ ۝ اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَآئِ ذِی الْقُرْبٰی وَیَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ یَعِظُکُمْ

لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝ اُذْكُرُوا اللّٰهَ الْعَزِيْزَ الْجَلِيْلَ الْجَبَّارَ يَذْكُرْكُمْ وَادْعُوْهُ يَسْتَجِبْ لَكُمْ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ تَعَالٰى اَعْلٰى وَاَوْلٰى وَاَتَمُّ وَاَهَمُّ وَاَعْظَمُ وَاَكْبَرُ ۝

پانچواں خطبہ جمعہ کا ملتقط از آیات و احادیث مع بیتیس شعر غزل

جان کو دل کو ہمیشہ رکھتی ہے خوشتر نماز

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰنَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰنَا اللّٰهُ تَعَالٰى عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ

عَلَی الدِّیْنِ کُلِّهٖ ط وَکَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا ۝ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ
النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الَّذِیْ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَکَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّکُمْ
تَهْتَدُوْنَ ۝ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا
الرَّسُوْلَ ط وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا ۝
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط وَالَّذِیْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ
رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ تَرٰهُمْ رُکَّعًا سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ
فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا سِیْمَاهُمْ فِیْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ
السُّجُوْدِ ط ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ وَمَثَلُهُمْ فِی الْاِنْجِیْلِ
اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیُذْهِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَیْتِ وَ
یُطَهِّرَکُمْ تَطْهِیْرًا ۝ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ
اَمْوَاتًا ط بَلْ اَحْیَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ یُرْزَقُوْنَ ۝ فَرِحِیْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ
اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَیَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِیْنَ لَمْ یَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ
خَلْفِهِمْ اَلَّا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ۝ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ
اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ یَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰی ذِکْرِ اللّٰهِ
وَذَرُوا الْبَیْعَ ط ذٰلِکُمْ خَیْرٌ لَّکُمْ اِنْ کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ
اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَی اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ط وَمَنْ یَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ یَظْلِمْ
نَفْسَهٗ ثُمَّ یَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ یَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ۝ فَاسْتَغْفِرُوْا

رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْا اِلَيْهِ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝
وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ لَا تُلْهِكُمْ
اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا
لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ؕ وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوْا
يَعْلَمُوْنَ ۝ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ
قَرْضًا حَسَنًا وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ
عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۠ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ
سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
رَبَّنَا اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ
وَاعْفُ عَنَّا وقفہ وَاغْفِرْ لَنَا وقفہ وَارْحَمْنَا وقفہ اَنْتَ مَوْلٰىنَا
فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۠ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ
عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝
سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ○ وَسَلٰمٌ عَلَى
الْمُرْسَلِيْنَ ○ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

جان کو دل کو ہمیشہ رکھتی ہے خوشتر نماز
جامے کو رکھتی ہے پاک اور جسم کو اطہر نماز

مرد و عورت لڑکا لڑکی خادم و لونڈی غلام
چاہئے پڑھتے رہیں چھوٹے بڑے گھر گھر نماز

اُٹھ اذانِ فجر سے پہلے بصدق دل مدام
کر طہارت اور وضو پھر پڑھ اذاں کہہ کر نماز

فجر و ظہر و عصر و مغرب اور عشا کی رات دن
پنجگانہ پڑھ جماعت سے ہمیشہ ہر نماز

اور سب اعمال نیک و بد کی پرسش پیچھے ہو
پوچھیں گے پہلے ملک ہنگامۂ محشر نماز

سب فرشتوں کو بھی پیارا ہے نمازی آدمی
زینت اسلام اہلِ دیں کا ہے زیور نماز

باغِ جنت قصرِ جنت حورِ جنت اک طرف
حشر کے دن ہوگی خالق کی طرف رہبر نماز

بارگاہ حق تعالیٰ میں ہے وقت حاضری
رکھ امید و بیم دل سے اور ادا تو کر نماز

لوگ تو سو سو طرح سے کرتے ہیں زہد و ریاض
کیا کمال اس میں ہوا تو نے گذاری گر نماز

ہے بہت تاکید قرآں میں نہیں ہوتی معاف
شادی و غم یا کسی حالت میں مومن پر نماز

تندرستی یا ہو بیماری وطن ہو یا سفر
گر نہ ہو ممکن اترنا پڑھ سواری پر نماز

یا نہ ہو پانی میسر یا کرے پانی ضرر
پڑھ تیمم سے برابر ہو کے تو بے ڈر نماز

ہیں وہی مقبول درگاہ خدائے دو جہاں
جو ادا کرتے ہیں ذوق و شوق سے اکثر نماز

دیکھو شاہ کربلا کو قتل کے میداں میں بھی
سامنے تھے موت کے بیٹھے نہ چھوڑی پر نماز

جب اذاں جمعے کی سن لے جانب مسجد تو آ
سنتیں پڑھ خطبہ سن پھر پڑھ جھکا کر سر نماز

وقت ہو جائے نہ تنگ اے دل تو سستی دور کر
چاہئے ہر ساعت مسنون کے اوپر نماز

ایسی بے ترکیب مت پڑھنا خدا کے واسطے
روز محشر جو اُلٹ ماریں ترے منہ پر نماز

حال پر افسوس ان لوگوں کے جو پڑھتے نہیں ‏ کیا کسی سے کچھ طلب کرتی ہے مالِ زر نماز

حق تو یہ ہے بے نمازی بھاگتے کوسوں تلک ‏ کوڑی پیسا دینا پڑتا اگر انہیں پڑھ کر نماز

ہو کے مومن جو ادا کرتے نہیں اس فرض کو ‏ ہو بھلا ان کے جنازے پر روا کیوں کر نماز

دست و پا بینی و پیشانی نہ کچھ گھس جائیں گے ‏ گر پڑھے گا حسب حکم حضرت داور نماز

منحصر کچھ انس و جاں حور و ملائک پر نہیں ‏ خلق ساری ہے نمازی جان کر بہتر نماز

طوطا مینا شیر و آہو مچھلی و مرغابی سدا ‏ پڑھتے ہیں کل ساکنان کوہ و بحر و بر نماز

جملہ حشرات اور نباتات اور بہائم اور جبال ‏ صبح سے دن بھر پڑھیں اور شام سے شب بھر نماز

ایک رکعت پڑھنے سے ہو ایک رکعت کا ثواب ‏ کوئی دکاں میں پڑھے گا یا پڑھے گا گھر نماز

پاس کی مسجد میں ستائیس کا پاوے ثواب ‏ پانچ سو کا مسجد جامع میں پڑھ لے گر نماز

ایک رکعت کی ادا سے ہو ثواب نصف لاکھ ‏ مسجد نبوی میں جو کوئی پڑھے جا کر نماز

ایک کے بدلے ملے گا لاکھ کا اس کو ثواب ‏ جو نمازی جا کے پڑھ لے کعبہ کے اندر نماز

لاکھ کا چوتھائی حصہ اس کو ہاتھ آئے ضرور ‏ جو پڑھے بیت المقدس میں کھڑا ہو کر نماز

بے نمازوں سے کوئی پوچھے کہ پیرو کس کے ہو ‏ پیشوا تو جتنے تھے پڑھتے تھے افزوں تر نماز

پیشواؤں کے طریقے پر ہی چلنا چاہیے ‏ پڑھتے آئے ہمیشہ پیر و پیغمبر نماز

پڑھتیں بی بی فاطمہ پڑھتے حسنؓ پڑھتے حسینؓ ‏ پڑھتے تھے صدیقؓ و فاروقؓ و غنیؓ حیدرؓ نماز

پڑھتے تھے محبوب سبحانی و خواجہ جی مدام ‏ شہ مدار و سید سالار پڑھتے ہر نماز

ان اماموں کے اگر قدموں پہ رکھو گے قدم ‏ ہو کے شافع حشر میں دکھلائے گی جوہر نماز

جو نمازی ہیں ترے مقبول انکے صدقہ میں
کر تو علمی کی قبول اے خالقِ اکبر نماز

خطبۂ ثانی

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ كُنْتُ اَنَا اِمَامَ النَّبِيِّيْنَ وَخَطِيْبَهُمْ وَصَاحِبَ شَفَاعَتِهِمْ غَيْرَ فَخْرٍ ۝ وَاَنَا اَوَّلُ النَّاسِ خُرُوْجًا اِذَا بُعِثُوْا وَاَنَا خَطِيْبُهُمْ اِذَا وَفَدُوْا وَاَنَا مُبَشِّرُهُمْ اِذَا يَئِسُوْا وَلِوَآءُ الْحَمْدِ يَوْمَئِذٍ بِيَدِيْ وَاَنَا اَكْرَمُ وُلْدِ اٰدَمَ عَلٰى رَبِّيْ وَلَا فَخْرَ ۝ وَبُعِثْتُ مِنْ خَيْرِ قُرُوْنِ بَنِيْٓ اٰدَمَ قَرْنًا فَقَرْنًا حَتّٰى كُنْتُ مِنَ الْقَرْنِ الَّذِيْ كُنْتُ مِنْهُ وَمَثَلُ اَهْلِ بَيْتِيْ كَسَفِيْنَةِ نُوْحٍ مَنْ رَكِبَهَا نَجٰى وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْهَا غَرِقَ ۝ وَاَصْحَابِيْ كَالنُّجُوْمِ بِاَيِّهِمُ اقْتَدَيْتُمْ اهْتَدَيْتُمْ وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا

خَلِيْلاً غَيْرَ رَبِّيْ لَا تَّخَذْتُ اَبَا بَكْرٍ خَلِيْلاً اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى جَعَلَ الْحَقَّ عَلٰى لِسَانِ عُمَرَ ○ رَفِيْقِيْ فِي الْجَنَّةِ عُثْمَانُ ابْنُ عَفَّانَ ○ وَمَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ وَالْحَسَنُ رض وَالْحُسَيْنُ رض سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ ○ وَالْفَاطِمَةُ سَيِّدَةُ نِسَآءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ ○ وَخَيْرُ نِسَآئِهَا خَدِيْجَةُ خُوَيْلِدٍ ○ وَفَضْلُ عَآئِشَةَ عَلَى النِّسَآءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلٰى سَآئِرِ الطَّعَامِ وَمَنْ اٰذٰى عَمِّيْ فَقَدْ اٰذَانِيْ وَطَلْحَةُ فِي الْجَنَّةِ ○ وَالزُّبَيْرُ فِي الْجَنَّةِ وَسَعْدُ بْنُ مَالِكٍ فِي الْجَنَّةِ ○ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ عَوْفٍ فِي الْجَنَّةِ ○ وَاَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ فِي الْجَنَّةِ وَ سَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ فِي الْجَنَّةِ ○ اَللّٰهُمَّ وَاَعْطِ سَيِّدَنَا مُحَمَّدَنِ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِيْ وَعَدْتَهُ الَّذِيْ اِذْ قَالَ صَدَّقْتَهُ وَاِذَا سَاَلَ اَعْطَيْتَهُ ○ اَللّٰهُمَّ وَتَقَبَّلْ شَفَاعَتَهُ فِيْ اُمَّتِهٖ ○ وَاسْتَعْمِلْنَا بِسُنَّتِهٖ ○ وَتَوَفَّنَا عَلٰى مِلَّتِهٖ ○ وَاحْشُرْنَا فِيْ زُمْرَتِهٖ وَتَحْتَ لِوَآئِهٖ ○ وَاجْعَلْنَا مِنْ رُفَقَآئِهٖ ○ وَاَوْرِدْنَا حَوْضَهٗ وَاَسْقِنَا بِكَاْسِهٖ ○ وَانْفَعْنَا بِمَحَبَّتِهٖ ○ اِسْمَعُوْا وَمَنْ يُّطِعِ الْاَمِيْرَ فَقَدْ اَطَاعَنِيْ ○ وَمَنْ يَّعْصِ الْاَمِيْرَ فَقَدْ عَصَانِيْ ○ اُوْصِيْكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ فَعَلَيْكُمْ

بِسُنَّتِیْ وَسُنَّۃِ الْخُلَفَآءِ الرَّاشِدِیْنَ الْمَهْدِیِّیْنَ تَمَسَّکُوْا بِهَا وَعَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ وَلَا یَقْعُدُ قَوْمٌ یَّذْکُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا حَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِکَةُ وَغَشِیَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَلَذِکْرُ اللّٰهِ تَعَالٰی اَعْلٰی وَاَوْلٰی وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ وَاَعْظَمُ وَاَکْبَرُ ۞

چھٹا خطبہ جمعہ کا مع نو شعر غزل

سہ واسطے حق کے نہ ایسی راہ چل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ ۝ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ وَعَلٰٓی اٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ ۝ وَاَصْحَابِهِ الْمُطَهَّرِیْنَ ۝ وَمَنِ اتَّبَعَهُمْ اَجْمَعِیْنَ ۝ یٰٓاَیُّهَا الْمُسْلِمُوْنَ نَصَرَکُمُ اللّٰهُ اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَدُوْمُوْا عَلٰٓی اَمْرِهٖ وَاجْتَنِبُوْا عَنْ نَّهْیِهٖ فَاِنَّ لَکُمْ فِیْهِ خَیْرَ الدَّارَیْنِ ؕ بَارَکَ اللّٰهُ لَنَا وَلَکُمْ فِی الْقُرْاٰنِ

الْعَظِيْمِ ○ وَنَفَعَنَا وَاِيَّاكُمْ بِالْاٰيَاتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ○ اِنَّهٗ تَعَالٰی جَوَادٌ كَرِيْمٌ مَلِكٌ بَرٌّ رَّءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○

واسطے حق کے نہ ایسی راہ چل
حشر کے دن جس سے ہو تجھ کو خلل
نیکیوں میں سست ہے بدیوں میں چست
چھوڑ ان باتوں کو طور اپنے بدل
اب تو غفلت مت کر اور ہشیار رہو
سن ترا پہونچا ہے نزدیک چہل
قُلْ اَطِیْعُوا اللّٰہ جو قرآں میں ہے
کر عمل اس پر نہ کر لَیْتَ وَلَعَلَّ
دست و پا گوش و زباں قابو میں ہیں
کام جو کرنے ہیں کر لے آج کل
کر زمیں کے نیچے جانے کی بھی فکر
اونچے اونچے یاں تو بنوائے محل
روشنی کا قبر کی سامان کر
محض ہیں بے کار شمع و کنول
کر جوانی میں تو کار آخرت
بس یہی کافی ہے رکھ اس پر عمل

علمی عاجز کی رکھیو آبرو
حشر میں اے خالق عز وجل

خُطْبَةٌ ثَانِی

نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِیْنُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی نَبِیِّهٖ وَحَبِیْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِیْنَ ○ یٰاَیُّهَا الْمُؤْمِنُوْنَ خَذَلَ اللّٰهُ اَعْدَآءَكُمْ اِعْمَلُوا الْاَعْمَالَ

الصّٰلِحَةَ وَاتَّقُوْا عَنْ جَمِيْعِ الْمَعَاصِيْ وَالذُّنُوْبِ وَاجْمَعُوْا خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى لِلْعُقْبٰى ○ فَاِنَّ زَادَكُمْ قَلِيْلٌ قَلِيْلٌ وَّسَبِيْلُكُمْ طَوِيْلٌ طَوِيْلٌ ○ فَتُوْبُوْا اِلَى اللّٰهِ التَّوَّابِ وَاسْتَغْفِرُوْهُ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ بِالصَّوَابِ وَاذْكُرُوْهُ بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا ○ اِنَّ ذِكْرَ اللّٰهِ تَعَالٰى اَعْلٰى وَاَوْلٰى وَاَجَلُّ وَاَعْظَمُ وَاَكْبَرُ ؕ

ستائیسواں خطبہ رمضان شریف کا مع پچیس شعر غزل

ع برکتوں سے ہے بھرا ہر روز و شب ہر صبح و شام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَ عَلَى الشُّهُوْرِ شَهْرَ رَمَضَانَ وَنَزَّلَ فِيْهِ الرَّحْمَةَ وَالْغُفْرَانَ ○ وَالشُّكْرُ لِلرَّحْمٰنِ الَّذِيْ شَرَّفَ عَلَى الْاَيَّامِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَفَرَضَ صَلٰوتَهٗ عَلٰٓى اَهْلِ الْاِسْلَامِ وَجَعَلَنَا مِنْ اُمَّةِ خَيْرِ الْاَنَامِ عَلَيْهِ التَّحِيَّةُ وَالسَّلَامُ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْٓ اَوْجَبَ خُطْبَةَ هٰذَا الْيَوْمِ عَلٰى هٰذَا الْقَوْمِ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْاَنْبِيَآءِ

وَالْمُرْسَلِیْنَ اِمَامِ الْهُدٰی شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ اَحْمَدَ
الْمُصْطَفٰی مُحَمَّدِ الْمُجْتَبٰی اَلَّذِیْ اَنْزَلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنَ
هُدًی لِّلنَّاسِ وَبَیِّنَاتٍ مِّنَ الْهُدٰی وَالْفُرْقَانِ وَ
خَصَّصَهٗ بِالسَّبْعِ الْمَثَانِیْ وَالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ ○ وَبِالشَّفَاعَةِ
لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ لِلنَّجَاةِ مِنَ الْعَذَابِ الْاَلِیْمِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
عَلٰی مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ حَبِیْبِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○ وَ
عَلٰی اٰلِهِ الْمُطَهَّرِیْنَ وَاَصْحَابِهِ الْمُكَرَّمِیْنَ خُصُوْصًا
عَلٰی اَفْضَلِ الْبَشَرِ بَعْدَ الْاَنْبِیَآءِ بِالتَّحْقِیْقِ قَاتِلِ الْكُفَّارِ
وَالزَّنَادِیْقِ ○ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَبِیْ بَكْرِ نِ الصِّدِّیْقِ رَضِیَ اللّٰهُ
تَعَالٰی عَنْهُ وَعَلٰی اَعْدَلِ الْاَصْحَابِ ○ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ
عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ○ وَعَلٰی مَعْدَنِ
الْحَیَآءِ وَالْعِرْفَانِ ○ جَامِعِ الْقُرْاٰنِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عُثْمَانَ
ابْنِ عَفَّانَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ○ وَعَلٰی اَسَدِ اللّٰهِ
الْغَالِبِ ○ مَطْلُوْبِ كُلِّ طَالِبٍ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیِّ بْنِ
اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ○ وَعَلَی السِّتَّةِ الْبَاقِیَةِ مِنَ الْعَشَرَةِ
الْمُبَشَّرَةِ الَّذِیْنَ اَسْمَاءُ هُمْ سَعْدٌ وَّ سَعِیْدٌ وَّ اَبُوْ عُبَیْدَةَ
وَالطَّلْحَةُ وَالزُّبَیْرُ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمُ اللّٰهُ الْعَزِیْزُ

الْوَهَّابُ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ ○ وَعَلٰی عَمَّیْهِ الشَّرِیْفَیْنِ الْمُکَرَّمَیْنِ
عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ النَّاسِ ○ حَمْزَةَ وَالْعَبَّاسِ ○ رَضِیَ اللّٰهُ
تَعَالٰی عَنْهُمَا وَ عَلَی الْاِمَامَیْنِ السَّعِیْدَیْنِ الشَّهِیْدَیْنِ ○
اَبِیْ مُحَمَّدِ نِ الْحَسَنِ وَاَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَیْنِ وَ عَلٰی اُمِّهِمَا
سَیِّدَةِ النِّسَآءِ بِنْتِ سَیِّدِ الْاَنْبِیَآءِ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ وَعَلٰی
خَدِیْجَةِ الْکُبْرٰی وَ عَآئِشَةَ الصِّدِّیْقَةِ الْحُمَیْرَآءِ وَ عَلٰی
اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَعَلٰی زُمْرَةِ اَهْلِ
بَیْتِهِ الطَّیِّبَاتِ وَعَلٰی فِرَقِ الْاَخْیَارِ الْمُهَاجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ ○
وَعَلَی الَّذِیْنَ بَایَعُوْهُ تَحْتَ الشَّجَرَةِ وَالتَّابِعِیْنَ الْبَرَرَةِ ○
وَعَلٰی تَبْعِ التَّابِعِیْنَ الْمُتَّقِیْنَ وَالصُّلَحَآءِ الْمَهْدِیِّیْنَ ○
رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ ○ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ
الرّٰحِمِیْنَ ○ بَارَكَ اللّٰهُ لَنَا وَلَکُمْ فِی الْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ ○
وَنَفَعَنَا وَاِیَّاکُمْ بِالْاٰیٰتِ وَالذِّکْرِ الْحَکِیْمِ ○ اِنَّهٗ تَعَالٰی
جَوَادٌ کَرِیْمٌ مَلِكٌ بَرٌّ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ○

برکتوں سے ہے بھرا ہر روز و شب صبح و شام
اس لئے ہے مومنو ماہ مبارک اس کا نام
اس مہینے میں نزولِ رحمتِ حق بیشمار
اس مہینے میں کلام اللہ اترا لا کلام

اس مہینے میں ہوئے دوزخ کے سب دروازے بند ۔۔۔ اس مہینے میں کھلے جنت کے دروازے تمام

اس مہینے میں فرشتے اور بہت ارواح پاک ۔۔۔ آسماں سے آکے کرتے ہیں زمیں پر اژدحام

اس مہینے میں شب قدر ایک ایسی ہے نہاں ۔۔۔ جس کو دس ماہ سے اچھا کہے رب الانام

اس مہینے میں نجات آفت سے ہر مومن کو ہو ۔۔۔ اس مہینے میں شیاطین قید ہوتے ہیں مدام

اس مہینے میں دعائیں نیک ہوتی ہیں قبول ۔۔۔ اس مہینے میں تمہیں توبہ مناسب ہے مدام

اس مہینے میں ادا اک فرض جو کوئی کرے ۔۔۔ پائے ستر ۷۰ کا ثواب ایسا ہے حق کا فضل عام

ان دنوں میں سنتوں اور نفلوں کا ثواب ۔۔۔ مثل فرضوں کے لکھا جاتا ہے ہر عابد کے نام

ایک نیکی کے عوض پاؤ گے ستر نیکیاں ۔۔۔ تا بمقدور اس مہینے میں کرو تم نیک کام

نار دوزخ سے بچانے کو سپر بن جائے گا ۔۔۔ اور روز حشر میں شافع ہو یہ والا مقام

اس مہینے کی صفت اکثر رسول حق صلی اللہ علیہ وسلم نے کی ۔۔۔ اور ثنا کرتے تھے جملہ آل و اصحاب کرام

حسب فرمان الٰہی حسب ارشاد رسولؐ ۔۔۔ ہر طرح لازم ہے کرنا تم کو اس کا اہتمام

کھانا پینا چھوڑنے سے روزہ کامل نہ ہو ۔۔۔ چاہیے ہر عضو کے روزے کا کرنا التزام

دیکھنا سننا ہے جس کا منع کر دے ترک سب ۔۔۔ آنکھ کا اور کان کا روزہ یہی ہے لاکلام

روزہ کام و زباں جھوٹی نہ کہنا کوئی بات ۔۔۔ غیبت و بہتان سے بچنا تو نہ کرنا اتہام

ہاتھ سے ایذا نہ دے لکھے نہ بیجا کوئی بات ۔۔۔ واں نہ رکھے پاؤں جو دیکھے گناہوں کا مقام

ساتھ مسکینوں یتیموں کے کرو افطار تم ۔۔۔ روزہ کھلوایا کرو لوگوں کے روزے وقت شام

جو کوئی کھلوائے روزہ پائے روزے کا ثواب ۔۔۔ ہو اگرچہ لائق افطار تھوڑا سا طعام

اس میں روزہ دار کا ہوتا نہیں کچھ کم ثواب
ہے یہ سب انعام خالق از برائے خاص و عام

ہر عبادت سے سوا اس ماہ کے روزے کا اجر
روزے داروں کیلئے ہے واقعی روزے کا قیام

کوئی تو ہووے کوئی حوریں عبادت کی جسزا
کوئی فردوس بریں میں پائے گا کوثر کا جام

روزے داروں کو ولیکن ایسی اک نعمت ملے
کوئی بھی واقف نہ ہو جس سے بجز رب الانام

یعنی دیدار خدا ہو گا قیامت کو ضرور
مثل اسکے کب ہے کوئی نعمت دار السلام

جتنی تجھ سے ہو سکے علمی عبادت اس میں کر
جانے آئے یا نہ آئے پھر تجھے ماہ صیام

خُطبۂ ثانی

نَحْمَدُ اللّٰهَ خَالِقَ الْجِنَانِ وَالسَّقَرِ ○ وَ نُصَلِّیْ وَنُسَلِّمُ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْبَشَرِ ○ وَ عَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّیَّاتِهٖ وَاَهْلِ بَیْتِهٖ وَعَشِیْرَتِهٖ وَمَنِ اتَّبَعَهُمْ مِّنَ التَّابِعِیْنَ رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ ○ اَمَّا بَعْدُ فَیَآ اَیُّهَا الْمُسْلِمُوْنَ الْحَاضِرُوْنَ اَیَّدَکُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی بِزِیَادَةِ الْمُؤْمِنِیْنَ ○ وَخُذْلَانِ اَعْدَآءِ الْاِسْلَامِ مِنَ الْکُفَّارِ وَالْمُشْرِکِیْنَ ○ وَاَصْلَحَ اللّٰهُ تَعَالٰی حَالَکُمْ فِیْ یَوْمِ الْقِیٰمَةِ وَالدِّیْنِ ○ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی یَاْمُرُکُمْ بِاِقَامَةِ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَةِ وَصَلٰوةِ الْجُمُعَةِ وَصَوْمِ شَهْرِ رَمَضَانَ الَّذِیْ فَضَآئِلُهٗ کَثِیْرَةٌ مِّنْ اَنْ تُعَدَّ وَ تُحْصٰی ○ وَاَجَلُّ مِنْ اَعْدَادِ الرِّمَالِ وَالْحَصٰی ○

فَافْعَلُوْا مَآ اَمَرَکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہُ الْمُصْطَفٰی اِنْ کُنْتُمْ تَشْتَھُوْنَ حُسْنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ فَاِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یَرْحَمُ عِبَادَہُ الصّٰلِحِیْنَ وَیَخْتَصُّھُمْ بِالْاَجْرِ الْعَظِیْمِ ○ وَاذْکُرُوا اللّٰہَ تَعَالٰی یَذْکُرْکُمْ وَادْعُوْہُ ○ یَسْتَجِبْ لَکُمْ وَلَذِکْرُ اللّٰہِ تَعَالٰٓی اَعْلٰی وَاَوْلٰی وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ وَاَتَمُّ وَاَھَمُّ وَاَکْبَرُ ؕ

آٹھواں خطبہ رمضان شریف کا مع ۲۱ شعر غزل میں

سلطان جہاں حضرت ماہ رمضان ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَکْرَمَنَا بِصِیَامِ شَھْرِ رَمَضَانَ شَھْرٌ اُنْزِلَ فِیْہِ الْقُرْاٰنُ ○ کَمَا قَالَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ ○ شَھْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ فِیْہِ الْقُرْاٰنُ اَیْ شَھْرٌ اَوَّلُہٗ رَحْمَۃٌ وَّاَوْسَطُہٗ مَغْفِرَۃٌ وَّاٰخِرُہٗ عِتْقٌ مِّنَ النِّیْرَانِ ○ شَھْرٌ تُفْتَحُ فِیْہِ اَبْوَابُ الْجِنَانِ وَتُغْلَقُ فِیْہِ اَبْوَابُ النِّیْرَانِ ○ وَسُلْسِلَ فِیْہِ الشَّیْطَانُ وَ لَخُلُوْفُ فَمِ الصَّآئِمِ اَطْیَبُ عِنْدَ اللّٰہِ مِنْ رِّیْحِ الْمِسْکِ وَ الزَّعْفَرَانِ ○ اَیْ شَھْرٍ مَّنْ خَفَّفَ فِیْہِ عَنْ مَّمْلُوْکِہٖ غَفَرَ اللّٰہُ

لَهٗ وَاَعْتَقَهٗ مِنَ النِّيْرَانِ ○ شَهْرٌ مَّنْ اَشْبَعَ فِيْهِ صَآئِمًا سَقَاهُ
اللّٰهُ تَعَالٰى مِنْ حَوْضِ الْكَوْثَرِ حَتّٰى يَدْخُلَ الْجِنَانِ ○ شَهْرٌ
فِيْهِ لَيْلَةٌ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ○ شَهْرٌ مَّنْ تَقَرَّبَ فِيْهِ
بِخَصْلَةٍ مِّنَ التَّطَوُّعِ كَانَ كَمَنْ اَدّٰى فَرِيْضَةً فِيْمَا سِوَاهُ
مِنَ الْاَحْيَانِ ○ شَهْرٌ يَّشْفَعُ لَنَآ اِلٰى رَبِّنَا الْمُسْتَعَانِ عَلَيْهِ
تَوَكُّلُ اَهْلِ الْاِيْمَانِ ○ شَهْرٌ مَّدَحَهٗ نَبِيُّ اٰخِرِ الزَّمَانِ
سَيِّدُ الْاِنْسِ وَالْجَآنِّ ○ اَفْضَلُ الصَّلٰوةِ مِنَ الرَّحْمٰنِ بَارَكَ
اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ فِى الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ ○ وَنَفَعَنَا وَاِيَّاكُمْ بِالْاٰيٰتِ
وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ○ اِنَّهٗ تَعَالٰى جَوَادٌ كَرِيْمٌ مَلِكٌ قَدِيْمٌ
بَرٌّ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ

سلطان جہاں حضرت ماہِ رمضاں ہے — کیا شان ہے کیا شوکت ماہ رمضاں ہے
پیغمبر برحق نے کیے اس کے بہت وصف — قرآں میں لکھی مدحت ماہ رمضاں ہے
در بند ہیں دوزخ کے تو جنت کے کھلے ہیں — دیکھو تو عجب برکت ماہ رمضاں ہے
اک فرض ادا ہووے تو ستر کا ملے اجر — مرغوب خدا طاعت ماہ رمضاں ہے
کچھ فرض سے کم اس کو نہ رتبے میں سمجھنا — جو تم نے پڑھی سنتِ ماہ رمضاں ہے
ہر صائم عاصی کی شفاعت یہ کرے گا — کیا اصل علی ہمت ماہ رمضاں ہے

ہو کر کے سپر آتش دوزخ سے بچائے
دن حشر کے یہ شفقت ماہ رمضاں ہے

قرآن کا نزول اسمیں ہے اور اس میں شب قدر
کیا مرتبہ کیا عزت ماہِ رمضاں ہے

ہے خوب جو روشن ہوں مساجد میں قنادیل
مطبوع نبی صلی اللہ علیہ وسلم زینت ماہ رمضاں ہے

بیشک اسے ہو جائیگی دوزخ سے رہائی
جس کو کہ بدل الفت ماہ رمضاں ہے

ہے عید کی اک روز خوشی اس کی ہے ہر وقت
تو حصہ فزوں عشرت ماہ رمضاں ہے

رہتے ہیں فزوں روزے کی بو مشک سے ٹھہری
حقا کہ بہت حرمت ماہِ رمضاں ہے

قرآن و تراویح کا چرچا ہے ہر ایک جا
کیا نام خدا شہرت ماہ رمضاں ہے

کرنا جو عبادت ہے کرو ورنہ چلا یہ
بے فائدہ پھر حسرت ماہ رمضاں ہے

سب حکم بجا لاؤ تم اور غور سے دیکھو
کیا رحمت حق آیت ماہ رمضاں ہے

لذات سے فردوس کے ہونگے متلذذ
جب سمجھیں گے کیا نعمت ماہ رمضاں ہے

ہو جائے گا سب صائموں پر وا در ریاں
محشر کو یہ کچھ اجرت ماہ رمضاں ہے

مخدوم ہو تم خلد میں گر حور کے چاہو
یاں فرض تمہیں خدمت ماہ رمضاں ہے

اے صائمو ہے مورد رحمت یہ مہینہ
الحق کہ بہت رحمت ماہ رمضاں ہے

آئندہ ملے یا نہ ملے سمجھو غنیمت
ان روزوں کو یہ صحبت ماہ رمضاں ہے

علمی کو ہر اک چیز سے کر دے گی غنی یہ
قسمت میں اگر دولت ماہ رمضاں ہے

خُطبۂ ثانی

